# Seamonkey Navigator

تربیتی کتاب

(برائے طلبا)

Pakistan Country Component
PAN Localization Project

مرکز تحقیقات اردو

نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز

زیر نظر تربیتی کتاب، اردو زبان میں کمپیوٹر کے فروغ کے ایک کثیرالجہتی منصوبے "دریچہ (برقی ہیاتک آسان اور ہمہ گیر رسائی)" کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کی تشکیل و تکمیل میں دو ادارے شامل ہیں جن کا مختصر تعارف حسب ذیل ہے۔

## مرکز تحقیقات اردو، نیشنل یونی ورسٹی آف کمپیوٹر ہینڈ ایمرجنگ سائنسز

مرکز تحقیقات اردو، دور حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اردو و دیگر مقامی زبانوں میں کمپیوٹر کی ترویج اور اس عمل سے متعلقہ تحقیق کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اس ادارے نے گزشتہ سات سالوں میں مختلف ملکی و غیر ملکی اداروں کے اشتراک کے ساتھ کئی قابل قدر منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچائے، جن میں سے چند کا تذکرہ ذیل میں کیا گیا ہے۔

- آن لائن اردو لغت
- آن لائن سندھی انگریزی لغت
- انگریزی سے اردو مشینی ترجمے کا نظام
- اردو ہجے پڑتال کار

مرکز تحقیقات اردو سے متعلق مزید تفصیلات درج ذیل ہیب پتے پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (www.crulp.org.pk)

## پین لوکلائزیشن

یہ ادارہ گزشتہ چار سال سے ایشیا کے چودہ ترقی پزیر ممالک کی مختلف زبانوں میں کمپیوٹر کی مقامیت سازی کے لیے کوشاں ہے۔ اس ادارے کے تحت مختلف شریک ممالک میں کئی تربیتی و تحقیقی منصوبے زیر عمل ہیں۔ ان منصوبوں میں مقامی زبانوں میں سافٹ ویئر کی ہیاری اور بعد ازاں تربیت کا اہتمام شامل ہے۔ اس ادارے سے متعلق مزید تفصیلات درج ذیل ہیب پتے پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ (http://www.panl10n.net/urdu/index.htm)

# پیش لفظ

ابتدائے آفرینش سے ہی انسان خوب سے خوب تر کی تلاش میں سرگرداں رہا ہے۔ انسان کی اسی تلاش نے اسے پہیے کی ایجاد سے راکٹ اور ہوائی جہاز کی ایجاد کے قابل بنایا۔ یہ جستجو اور جدوجہد تا حال جاری ہے اور اس کی بدولت آئے دن نت نئی ٹیکنالوجی اور ایجادات وجود میں آتی رہتی ہیں۔ کمپیوٹر اور اس سے متعلق تمام ٹیکنالوجی بھی انسان کی اسی متجسس فطرت اور کچھ پا لینے کی خواہش کا نتیجہ ہے۔ بظاہر پیچیدہ لیکن استعمال میں آسان یہ ٹیکنالوجی دور جدید کے کم وبیش تمام تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ زیر نظر کتاب ان طلبہ کی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے جو انٹرنیٹ اور براؤزر کے استعمال سے تو ناواقف ہیں لیکن کمپیوٹر کا بنیادی استعمال جانتے ہیں۔

زیر نظر کتابچے کی دیگر خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

- کتابچے کو ممکنہ حد تک اردو زبان میں ترتیب دیا گیا ہے اور کمپیوٹر اصطلاحات کے اردو ترجمے کے لیے مقتدرہ قومی زبان کی شائع کردہ برقیاتی فرہنگ کو معیار بنایا گیا ہے تاکہ ترجمے میں یکسانیت رہے۔
- کتابچے میں انٹرنیٹ کے مفہوم وبنیادی تعارف سے لے کر براؤزر کے استعمال اور متعلقہ تکنیکی اصطلاحات کو عام فہم انداز میں بیان کیا گیا ہے۔
- براؤزر سے متعلق تمام موضوعات کو الگ الگ سیکشن (باب) میں بیان کیا گیا ہے اور جہاں ضروری تھا وہاں تصاویر کی مدد سے متعلقہ موضوع کی وضاحت کی گئی ہے۔
- کتابچے میں ’نوٹ‘، ’ٹوٹکا‘ اور ’یاد رہے‘ کے عنوانات سے اہم بیانات کی وضاحت کی گئی ہے، جن میں ’نوٹ‘ کے تحت کوئی اہم بات، ’ٹوٹکا‘ کے تحت دیے گئے بیانات میں موضوع سے متعلق کوئی مفید مشورہ اور ’یاد رہے‘ کے تحت کسی بات یا عمل کی یاددہانی یا احتیاط کرنے کا بتایا گیا ہے۔
- کتابچے میں طلبہ کے لیے عمومی ازالہ کاری کا سیکشن بھی شامل کیا گیا ہے جس کی مدد سے وہ انٹرنیٹ استعمال کرنے کے دوران عام طور پر پیدا ہونے والے مسائل خود حل کر سکتے ہیں۔
- ’خطرات‘ اور ’اخلاقیات‘ کے عنوانات سے شامل کیے جانے والے سیکشن انتہائی اہمیت کے حامل ہیں لہذا ان صیغوں کو ہرگز نظر انداز مت کریں۔

امید ہے کہ یہ تربیتی کتاب انٹرنیٹ اور براؤزر کا استعمال سیکھنے میں آپ کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

# فہرست مشمولات


1- انٹرنیٹ کا بنیادی تصور ---------- 11

1.1- نیٹ ورک (Network) کیا ہے ؟ 11

1.2- انٹرنیٹ کیا ہے ؟ 11

1.3- ورلڈ وائڈ ویب (www) کیا ہے ؟ 11

1.4- ویب براوزر (Web Browser) 12

2- SeaMonkey انٹرنیٹ سائٹ ---------- 16

2.1- SeaMonkey Navigator چلانا 16

2.1.1- بذریعہ ڈیسک ٹاپ شبیہ 16

2.1.2 بذریعہ start مینیو 17

2.1.3- بذریعہ سریع چالو 18

3- ویب سائٹ نظارہ کرنا ---------- 24

3.1- یو آر ایل (URL) کا تعارف 24

3.1.1- ویب سائٹ نئے دریچے میں کھولنا 26

3.1.2- ویب سائٹ نئی ٹیب (Tab) میں کھولنا 27

3.2- ابتدائی صفحے کا تعارف 29

3.3- Navigator دریچے کے بنیادی مشمولات 31

3.3.1- مینیو بار 31

3.3.2- ٹول بار 33

4- ویب سائٹ کے مشمولات ---------- 38

4.1- ویب مینیو 38

4.2- ربط 39

4.3- نقش 39

4.4- بٹن 40

4.5- متن خانہ 41

4.6- ڈراپ ڈاؤن (Drop down) فہرست 42

| | |
|---|---|
| 4.7- بینر(Banner) | 43 |
| 4.8- پوپ اپ(Pop Up) | 44 |
| 4.9- حرکت اندازی | 45 |
| 4.10- آڈیو(Audio) | 46 |
| 4.11- وَیڈیو(Video) | 47 |
| 4.12- فریم(Frame) | 48 |
| 4.13- طومار خانہ | 48 |
| 4.14-ریڈیو بٹن | 49 |
| 4.15- پڑتال خانہ | 50 |
| 5- تلاش انجن ---------- | 56 |
| 5.1-تلاش بذریعہ Google | 56 |
| 5.1.1- اختصاصی کلیدی الفاظ داخل کرنا | 56 |
| 5.1.2- مطلوبہ معلومات تک براؤزنگ | 57 |
| 5.1.3- تلاش نتائج میں سے مطلوبہ تلاش کی شناخت | 57 |
| 5.2- اعلیٰ تلاش بذریعہ Google | 59 |
| 5.2.1- تمام الفاظ کے ساتھ | 60 |
| 5.2.2- ہوبہو فقرے کے ساتھ | 62 |
| 5.2.3- الفاظ میں سے کم ازکم ایک لفظ کے ساتھ | 64 |
| 5.2.4- ان الفاظ کے بغیر | 65 |
| 5.2.5- زبان | 67 |
| 5.2.6 فائل کی شکل | 67 |
| 5.2.7- تاریخ | 68 |
| 5.2.8- وَاقعات | 70 |
| 5.2.9- ڈوَمین(Domain) | 70 |
| 5.2.10نتائج کی تعداد | 71 |
| 6- کوائف اوَر معلومات کے معیارِ وَاستناد کی شناخت ---------- | 77 |
| 6.1- معیار کی کسوٹیاں | 77 |
| 6.1.1- ویب سائٹ کا مقصد | 77 |

| | |
|---|---|
| 6.1.2-تازہ کاری | 78 |
| 6.1.3-درستی | 79 |
| 6.1.4-حوالہ جات | 79 |
| 6.1.5-موزونیت | 79 |
| 6.1.6-ذمہ داری | 80 |
| 6.1.7-قابل توثیق | 80 |
| 6.1.8-قابل اعتبار | 80 |
| 6.1.9-صارف کا خودساختہ مواد | 80 |
| 6.2- معیار کے درجات | 83 |
| 7- نشانیاں---------------------------------------- | 94 |
| 7.1نشانیوں کا استعمال اوَر فوائد | 94 |
| 7.2- نشانی لگانا | 94 |
| 7.3- زمرہ بندی کے ذریعے نشانیاں بندوبست کرنا | 96 |
| 7.3.1- نشانیاں حذف کرنا | 97 |
| 7.3.2- نشانی کو نیا نام دینا | 98 |
| 7.2.3 - زمرہ بندی | 100 |
| 8- مطلوبہ کوائف / معلومات چھاپنا اوَر محفوظ کرنا---------------------------------------- | 110 |
| 8.1-چھپائی | 110 |
| 8.1.1- مطلوبہ معلومات / کوائف چھاپنا | 110 |
| 8.1.2 - پیش نظارہ کرنا | 112 |
| 8.1.3- پرنٹ وَرژن (Print version) | 114 |
| 8.2-کوائف / معلومات محفوظ کرنا | 117 |
| 9- اہم معلوماتی، ادبی اوَر تفریحی ویب سائٹیں---------------------------------------- | 121 |
| 9.1- خبروَں کی ویب سائٹیں | 121 |
| www.bbcurdu.com -9.1.1 | 121 |
| www.geo.tv -9.1.2 | 121 |
| www.jang.com.pk -9.1.3 | 122 |
| www.nawaiwaqt.com.pk -9.1.4 | 122 |

9.1.5- www.express.com.pk 122

9.2- ادبی، تفریحی اور تعلیمی ویب سائٹیں 122

9.2.1- www.patrasbokhari.com 122

9.2.2- www.kitaabghar.com 123

9.2.3- www.urducl.com 123

9.2.4- www.akhbar-e-jehan.com.pk 123

9.2.5- www.urdufun.com 123

10- براوزر سیٹنگیں ---- 124

10.1- ابتدائی صفحہ سیٹ اور تبدیل کرنا 124

10.2- اہم سیٹنگیں 128

10.2.1 سابقات 128

10.2.2 سابقات حذف کرنا 129

10.2.3- کیشہ کیا کرتا ہے 133

10.2.4- کیشہ مسلیں حذف کرنا 134

10.2.5- کوکی (Cookie) اور اس کا فائدہ 135

10.2.6- کوکیاں حذف کرنا 135

11- ازالہ کاری ---- 143

11.1- انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال 143

11.2- نیٹ ورک کیبل کی پڑتال 144

11.3- یو آر ایل کے مسائل 144

11.3.1- پاپ اپ بلاک کنندہ کو حسب خواہش روکنا یا زیر عمل کرنا 145

12- خطرات ---- 152

12.1- خطرناک ویب سائٹوں (وائرس زدہ) کی شناخت 152

12.2- کسی بھی ویب سائٹ کی رکنیت لینے میں احتیاط 152

12.3- اخلاق باختہ ویب سائٹوں کے نقصانات 153

12.4- کوائف و معلومات غیر قانونی طور پر ڈاؤن لوڈ کرنے سے اجتناب 153

12.5- کسی بھی قسم کی مسل ڈاؤن لوڈ کرنے میں احتیاط 153

13- اخلاقیات ---- 157

13.1 کوائف کے لائسنس اور حقوق تصنیف کی اہمیت 157
13.2 لائسنس شدہ کوائف / معلومات قانونی طور پر استعمال کرنا 158
14۔ حوالہ جات 160
Creative Commons License 161

# 1- انٹرنیٹ کا بنیادی تصور

ابلاغ انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ انسان کی ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ دوسروں تک اپنے خیالات پہنچانے اور معلومات کے حصول کے لیے نہایت نئے ذریعے اختیار کرے۔ انٹرنیٹ، ابلاغ کے ذرائع میں جدید ترین اور دلچسپ ذریعہ ہے۔ انٹرنیٹ کا تصور سمجھنے سے پہلے نیٹ ورک کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

## 1.1- نیٹ ورک (Network) کیا ہے ؟

دو یا دو سے زیادہ کمپیوٹروں کا کسی واسطے (سلکی یا لاسلکی) کے ذریعے آپس میں جڑے ہونا نیٹ ورک کہلاتا ہے۔ نیٹ ورک کم ازکم دو سے لے کر لاکھوں کمپیوٹروں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ انٹرنیٹ دنیا کا سب سے بڑا نیٹ ورک ہے۔

## 1.2- انٹرنیٹ کیا ہے ؟

انٹرنیٹ یا نیٹ دراصل کمپیوٹر نیٹ ورکوں پر مشتمل ایک عالمی نیٹ ورک ہے جس کے تحت لاکھوں کمپیوٹر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس نیٹ ورک کی بدولت صارف دنیا میں کسی بھی کمپیوٹر سے معلومات حاصل یا تبادلہ کر سکتا ہے، اگر وہ کمپیوٹر نیٹ ورک پر موجود ہو۔ موجودہ دور میں انٹرنیٹ ایک ایسی مفید اور دلچسپ سہولت بن چکا ہے جسے پوری دنیا میں کروڑوں لوگ رسائی کرتے ہیں۔

## 1.3- ورلڈ وائڈ ویب (www) کیا ہے ؟

انٹرنیٹ پر دستیاب سہولتوں میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سہولت ورلڈ وائڈ ویب (www) ہے جسے فقط ویب بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا قیام نوے کے عشرے کے آخر میں عمل میں لایا گیا۔ انٹرنیٹ اور ویب دو مختلف اصطلاحات ہیں۔ کمپیوٹروں کا آپس میں جڑے ہونا انٹرنیٹ کہلاتا ہے اور ان کمپیوٹروں پر موجود مختلف برقی معلوماتی صفحات کا آپس میں جڑے ہونا ویب کہلاتا ہے۔ ویب کا تصور دراصل مکڑی کے جالے سے ماخوذ ہے۔ ویب پر موجود ہر برقی دستاویز ویب صفحہ کہلاتی ہے جبکہ آپس میں جڑے ایک دوسرے سے متعلق ویب صفحات کے مجموعے کو ویب

سائٹ کہا جاتا ہے۔ انٹرنیٹ پر سب سے زیادہ استعمال کی جانے وَالی سہولیات میں ای میل، آن لائن بات چیت اوَر ویب براوزنگ شامل ہیں۔ زیر نظر کتابچے میں ہم براوَزر کا استعمال سیکھیں گے۔

## 1.4- ویب براوَزر (Web Browser)

ویب براوَزر انٹرنیٹ سے منسلک ایک سافٹ وَیئر ایپلی کیشن ہے۔ یہ ہر قسم کی معلومات خواہ وَہ کسی بھی شکل (متن، نقوش وَغیرہ) میں ہوں، ویب صفحات کے ذریعے ظاہر کرتا ہے۔ براوَزر کی بدوَلت دنیا میں کروڑوَں لوگ اپنی مطلوبہ معلومات آسانی اوَر سرعت سے حاصل کر سکتے ہیں۔ براوَزر کی کئی اقسام دستیاب ہیں جن میں سے کچھ براوَزر ادائیگی کیے بنا استعمال نہیں کیے جا سکتے جیسے کہ Internet Explorer۔ اس کے برعکس چند ایک براوَزر ایسے بھی ہیں جنھیں مفت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان میں Mozilla Firefox، SeaMonkey Navigator اوَر Oprea شامل ہیں۔ اس تربیت میں ہم SeaMonkey Navigator استعمال کرنا سیکھیں گے۔

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا پہلا سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو پانچ کثیرالانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیرالانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)۔ انٹرنیٹ کیا ہے؟

(ا) کمپیوٹروں کا ایک عالمی نیٹ ورک ہے

(ب)۔ والی بال کے میدان میں لگایا جانے والا جال ہے

(ج)۔ کمپیوٹر کا سافٹ ویئر ہے

(د)۔ کمپیوٹر ہارڈ ویئر کا حصہ ہے

(2)۔ ورلڈ وائڈ ویب (WWW) کیا ہے؟

(ا)۔ ماحولیاتی تحفظ کا ادارہ ہے

(ب)۔ برقی معلوماتی صفحات کا نیٹ ورک ہے

(ج)۔ ایک کمپیوٹر پروگرام ہے

(د)۔ کسی جگہ کا نام ہے

(3)۔ ویب صفحہ کیا ہوتا ہے؟

(ا)۔ کمپیوٹر کے ذریعے چھاپی گئی دستاویز ہے

(ب)۔ایک کمپیوٹر گیم کا نام ہے

(ج)۔ کمپیوٹر سے سکین کی گئی دستاویز ہے

(د)۔ ویب پر موجود کوئی بھی برقی دستاویز ہے

(4)- ویب براؤزر کیا ہوتا ہے؟

(ا)- انٹرنیٹ سے متعلق ایک سافٹ وئیر ایپلی کیشن

(ب)- انٹرنیٹ کے ذریعے کسی کی طرف سے بھیجا ہوا کوئی پیغام

(ج)- ڈیسک ٹاپ پر موجود تمام پروگرام

(د)- ٹاسک بار کا دوسرا نام

(5)- ویب براؤزر کے ذریعے

(ا)- انٹرنیٹ پر موجود معلومات تک رسائی کی جا سکتی ہے

(ب)- کمپیوٹر میں موجود مسلیں حذف کی جا سکتی ہیں

(ج)- اپنی دستی ڈاک وصول کی جا سکتی ہے

(د)- کسی پوشے کو نیا نام دیا جا سکتا ہے

عملی کام

1- پہلے سیکشن میں آپ نے انٹرنیٹ اور براؤزر کے بنیادی تصور کو سمجھا ہے، اپنے کسی دوست کو جو تربیتی جماعت کا حصہ نہ ہو، یہی بنیادی تصور سمجھائیں۔

**جوابات**


1-ا 2-ب 3-د 4-ا 5-ا

# 2- SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ

انٹرنیٹ تک رسائی کے لیے استعمال ہونے والے عمومی سافٹ ویئروں کا مجموعہ انٹرنیٹ سوٹ کہلاتا ہے۔ آپ کو ویب تک رسائی دینے کے لیے SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ کا انتخاب کیا گیا ہے جو ایک ویب براؤزر، ایک ای میل و خبریں گروپ وصول کار، ایک بات چیت وصول کار اور ایک ایچ ٹی ایم ایل تدوین کار پر مشتمل ہے۔ اس کے ذریعے آپ ویب پر براؤزنگ کر سکتے ہیں، ای میل بھیج اور وصول کر سکتے ہیں، آن لائن بات چیت کر سکتے ہیں اور اپنا ویب صفحہ بنا سکتے ہیں لیکن اس تربیتی کتابچے میں ہم SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ سے صرف ویب براؤزنگ کا استعمال سیکھیں گے۔ ذیل میں SeaMonkey ویب براؤزر استعمال کرنے کا طریقہ مرحلہ وار بیان کیا جا رہا ہے۔

## 2.1- SeaMonkey Navigator چلانا


SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ میں ویب براؤزر کو Navigator کہا جاتا ہے۔ SeaMonkey Navigator کی شبیہ نیلے رنگ کی ہوتی ہے جیساکہ شکل نمبر 2.1 میں دکھائی گئی ہے۔ SeaMonkey Navigator چلانے کے لیے مندرجہ ذیل تین طریقے ہیں:



شکل نمبر 2.1 SeaMonkey Navigator شبیہ

### 2.1.1- بذریعہ ڈیسک ٹاپ شبیہ

ڈیسک ٹاپ پر کمپیوٹر کے زیادہ تر پروگرام چلانے کے لیے مختلف شبیہیں موجود ہوتی ہیں۔ ان شبیہوں کی بدولت ہم آسانی کے ساتھ مطلوبہ پروگرام کی شناخت کرسکتے ہیں۔ ڈیسک ٹاپ شبیہ کے ذریعے Navigator چلانے کے لیے شکل نمبر 2.2 میں نشان زد کی گئی شبیہ پر تیر لے جاکر دوہرا کلک کریں۔ اس طرح آپ کے سامنے SeaMonkey Navigator کھل جائے گا۔




شکل نمبر 2۔2 SeaMonkey Navigator بذریعہ ڈیسک ٹاپ شبیہ آغاز کرنا

## 2.1.2 بذریعہ start مینیو

SeaMonkey Navigator چلانے کا دوسرا طریقہ بذریعہ Start مینیو ہے۔

- نیچے دی گئی شکل نمبر 2.3 کے مطابق ڈیسک ٹاپ کے پایان پر موجود ٹاسک بار کے بائیں کونے میں Start پر کلک کریں۔ آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔
- اب اس مینیو میں 'Programs' پر تیر لے جانے سے مزید ایک مینیو کھلے گا۔

- اب اس مینیو میں SeaMonkey پر تیر لے جائیں اس کے زیر تحت ایک ذیلی مینیو کھلنے پر اس پر موجود SeaMonkey پر کلک کرنے سے Navigator آپ کی سکرین پر ظاہر ہو جائے گا۔




شکل نمبر 2.3 SeaMonkey Navigator بذریعہ Start مینیو آغاز کرنا


## 2.1.3 - بذریعہ سریع چالو

سریع چالو کے ذریعے Navigator چلانے کے لیے مندرجہ ذیل نکات پر عمل درآمد کریں

- آپ کو Start مینیو کے ساتھ دائیں جانب ہلکے رنگ کی SeaMonkey شبیہ دکھائی دے گی۔ جیساکہ شکل نمبر 2.4 میں نشان زد ہے۔
- اس پر ایک بار کلک کرنے سے SeaMonkey Navigator کھل جائے گا۔

ٹوٹکا:

سریع چالو، عموماً ٹاسک بار پر Start مینیو کے ساتھ ہوتا ہے تاہم بعض اوقات یہ پہلے سے دستیاب نہیں ہوتا بلکہ اسے زیر عمل کرنا پڑتا ہے۔




شکل نمبر 2.4 Navigator بذریعہ سریع چالو آغاز کرنا

ٹوٹکا:

سریع چالو زیر عمل کرنے کے لیے ڈیسک ٹاپ کے پایان پر موجود ٹاسک بار پر دایاں کلک کرنے سے ایک مینیو کھل جائے گا اب اس مینیو میں ٹول باروں (Toolbars) پر کلک کرنے سے مزید ایک ذیلی مینیو کھلے گا۔ اس مینیو میں سریع چالو (Quick Launch) پر کلک کریں۔ آپ کی ٹاسک بار پر سریع چالو زیر عمل ہو جائے گا۔

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا دوسرا سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو آٹھ کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیر الانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

دوسرا باب پڑھنے کے بعد مندرجہ ذیل کثیر الانتخابی سوالات کے جواب دیں۔

(1)۔ انٹرنیٹ سوٹ کس لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

(ا)- انٹرنیٹ تک رسائی کے لیے

(ب)- کمپیوٹر آن کرنے کے لیے

(ج)- کھانا بنانے کے لیے

(د)- ا، ب، ج تینوں میں سے کسی کے لیے نہیں

(2)۔ SeaMonkey کیا ہے؟

(ا)- ایک مکمل انٹرنیٹ سوٹ ہے

(ب)- صرف براؤزر ہے

(ج)- صرف آن لائن بات چیت کرنے کا ایک ذریعہ ہے

(د)- ایک انسائکلوپیڈیا کا نام ہے

(3) ۔ SeaMonkey Navigator چلانے کے لیے کتنے طریقے کارآمد ہیں؟

(ا) - ایک

(ب) - تین

(ج) - چار

(د) - چار سے بھی زیادہ

(4) ۔ ان میں سے کس ذریعے سے SeaMonkey Navigator چلایا جاسکتا ہے؟

(ا) - بذریعہ Start مینیو

(ب) - بذریعہ ڈیسک ٹاپ شبیہ

(ج) - بذریعہ سریع چالو

(د) - مندرجہ بالا ا، ب، ج تینوں

(5) ۔ سریع چالو (Quick Launch) کیا ہے؟

(ا) - ڈیسک ٹاپ پر موجود ایک شبیہ کا نام ہے

(ب) - "My Computer" میں شامل ایک ڈرائیو کا نام ہے

(ج) - ٹاسک بار پر دستیاب پروگراموں کی فہرست ہے جس پر موجود کسی بھی پروگرام پر کلک کرنے سے وہ فوراً چلایا جاسکتا ہے

(د) - Start مینیو کا متبادل نام ہے

(6) ۔ SeaMonkey Navigator کی شبیہ کا رنگ کیا ہے؟

(ا)- سرخ

(ب )- نارنجی

(ج )- سیاہ

(د )- پیلا

(7)۔ ڈیسک ٹاپ پر موجود SeaMonkey Navigator شبیہ پر ڈبل کلک کرنے سے کیا ہو گا؟

(ا)- SeaMonkey Navigator آغاز ہو جائے گا

(ب )- SeaMonkey Navigator خودبخود بند ہو جائے گا

(ج )- آپ کا کمپیوٹر آف ہو جائے گا

(د )- SeaMonkey Navigator شبیہ کا رنگ بدل جائے گا

(8)۔ SeaMonkey Navigator بذریعہ Start مینیو چلانے کے لیے

(ا)- ڈیسک ٹاپ پر کہیں بھی کلک کریں

(ب )- ٹاسک بار پر کہیں بھی کلک کریں

(ج )- ڈیسک ٹاپ کے پایان پر بائیں کونے پر موجود Start مینیو پر کلک کریں

(د )- ٹاسک بار کے دائیں کونے پر موجود اعلان علاقہ پر دوٗہرا کلک کریں

عملی کام

1۔ Seamonkey Navigator بذریعہ ڈیسک ٹاپ شبیہ چلائیں۔

2۔ SeaMonkey Navigator بذریعہ Start مینیو چلائیں۔

3۔ اپنے کمپیوٹر پر سریع چالو ( Quick Launch ) زیر عمل کریں ۔

**جوابات**


1-ا، 2-ا، 3-ب، 4-د، 5-ج، 6-د، 7-ا، 8-ج

# 3- ویب سائٹ نظارہ کرنا

SeaMonkey Navigator میں کوئی بھی ویب سائٹ جس طریقے پر عمل کر کے نظارہ کی جا سکتی ہے، اس میں سب سے پہلے یوآرایل کا استعمال آتا ہے۔ اس لیے سب سے پہلے ہم یوآرایل کے مختلف حصوں سے واقفیت حاصل کریں گے۔

## 3.1 - یوآرایل (URL) کا تعارف

ویب پر موجود ہر ویب صفحے، دستاویز یا سائٹ کا ایک الگ اور منفرد پتہ ہوتا ہے جسے یوآرایل کہتے ہیں۔ یوآرایل حروف یا اعداد پر مشتمل ہوسکتا ہے۔ جس کو ٹائپ کر کے ہم کوئی بھی ویب سائٹ نظارہ کرسکتے ہیں۔ یوں تو ہر یوآرایل دوسرے سے بالکل مختلف ہوتا ہے تاہم عام طور پر ایک یوآرایل مندرجہ ذیل حصوں کا حامل ہوتا ہے۔ جیسا کہ شکل نمبر 3.1 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 3.1 یوآرایل (URL)

پروٹوکول:

پروٹوکول، ہر یوآرایل کا پہلا حصہ ہوتا ہے۔ دراصل یہ اصولوں کے مجموعے کا نام ہے جو انٹرنیٹ پر بھیجے گئے کوائف کے بارے میں ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر مندرجہ بالا یوآرایل دیکھیں اس یوآرایل کے تحت جو ویب سائٹ کھلے گی اس کے لیے انٹرنیٹ، 'http' اصول استعمال کرے گا۔ اسی طرح 'ftp' اصول کے تحت ظاہر ہونے والی ویب سائٹوں کا پروٹوکول 'ftp' ہوگا اور 'gopher' کے تحت ظاہر ہونے والی ویب سائٹوں کا اصول 'gopher' ہوگا۔

نام کمپیوٹر:


ویب سائٹوں کے یوآرایل میں اس حصے کا آغاز بالعموم www سے ہوتا ہے اور پہلی سیدھی سلیش پر ختم ہوتا ہے۔ یہ انٹرنیٹ پر موجود اُس مشین یا کمپیوٹر کی نشاندہی کرتا ہے جس پر اصل ویب سائٹ محفوظ ہوتی ہے۔

محل وقوع:

یہ حصہ مخصوص کمپیوٹر پر اس جگہ کی نشاندہی کرتا ہے جہاں ویب سائٹ محفوظ ہے۔

یوآرایل ٹائپ کرنا:

کوئی بھی ویب سائٹ کھولنے کے لیے یوآرایل لازماً درکار ہوتا ہے۔ اسے ایک مخصوص جگہ پر ٹائپ کیا جاتا ہے۔ جسے "پتہ بار" کہا جاتا ہے۔ شکل نمبر3.2 میں پتہ بار اور یوآرایل کو نشان زد کیا گیا ہے۔ آپ اس پتہ بار میں کسی بھی ویب سائٹ کا یوآرایل ٹائپ کریں اور اپنے کلیدی تختے پر موجود 'Enter' کا بٹن دبائیں۔ آپ کے کمپیوٹر کی سکرین پر مطلوبہ ویب سائٹ ظاہر ہو جائے گی۔




شکل نمبر 3.2 پتہ بار میں یوآرایل ٹائپ کرنا

### 3.1.1 - ویب سائٹ نئے دریچے میں کھولنا

بعض اوقات ایک ویب سائٹ نظارہ کرنے کے ساتھ ساتھ دوسری ویب سائٹ کھولنے کی ضرورت درپیش ہوتی ہے۔ اس کے لیے SeaMonkey Navigator میں آپ کے پاس ایک دریچے سے فوراً دوسرا دریچہ کھولنے کا اختیار موجود ہے۔ وہ اس طرح کہ:

- کھلے ہوئے Navigator کے بالا پر مینیو بار پر دائیں کونے میں 'مسل' پر کلک کریں آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔
- اس مینیو میں 'نیا' پر تیر لے جا کر کلک کریں تو اس کے زیر تحت ایک ذیلی مینیو آجائے گا۔
- اس مینیو میں 'Navigator دریچہ' پر کلک کریں لیجیے ایک نیا دریچہ کھل جائے گا۔
- اب آپ ایک وقت دو یا دو سے زیادہ ویب سائٹیں نظارہ کر سکتے ہیں۔
- مثال کے طور پر شکل نمبر 3.3 دیکھیں۔




شکل نمبر 3.3 نیا Navigator دریچہ کھولنا


## 3.1.2- ویب سائٹ نئی ٹیب (Tab) میں کھولنا

SeaMonkey Navigator میں کوئی بھی سائٹ نئے دریچے کے علاوہ نئی ٹیب میں بھی کھولی جا سکتی ہے اس طرح آپ اپنی پسند کی دو یا دو سے زیادہ ویب سائٹیں ایک ہی صفحے پر ایک وقت نظارہ کر سکتے ہیں۔ مثلاً اگر آپ ایک ویب سائٹ پر مطالعہ کر رہے ہوں اور دوسری ویب سائٹ پر موسم کا حال دیکھنا چاہیں تو آپ کو دوسری ویب سائٹ کے لیے نیا دریچہ نہیں کھولنا پڑے گا۔ اس کے لیے آپ نئی ٹیب استعمال کر سکتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ:

- SeaMonkey Navigator دریچے کے بالا پر دائیں کونے میں موجود 'مسل' پر تیر لے جا کر ماؤس سے کلک کریں۔ آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔
- اس مینیو میں 'نیا' پر کلک کرنے سے ایک ذیلی مینیو آپ کے سامنے آجائے گا۔
- اس ذیلی مینیو میں 'Navigator ٹیب' پر کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 3-4 دیکھیں۔

- ایسا کرنے سے موجودہ صفحے پر ہی نئی ٹیب میں نیا صفحہ کھل جائے گا۔
- اس طرح آپ ایک ہی صفحے پر دو یا دو سے زیادہ ویب سائٹیں نظارہ کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ شکل نمبر 3.5 میں دو ٹیب ایک ہی دریچے میں کھلے ہوئے دکھائے گئے ہیں۔

شکل نمبر 3.4 نئی Navigator ٹیب کھولنا





شکل نمبر 3.4 نئی Navigator ٹیب کھولنا

شکل نمبر 3.5 دریچے میں کھلی ہوئی ٹیب




شکل نمبر 3.5 دریچے میں کھلی ہوئی ٹیب

SeaMonkey Navigator آغاز کریں تو بمطابق طے شدہ، شکل نمبر 3.6 میں دکھایا گیا صفحہ ظاہر ہوگا۔ یہ دراصل آپ کا ابتدائی صفحہ یا home page ہے۔ بعض اوقات یہ صفحہ خالی بھی ظاہر ہوسکتا ہے۔ آپ اس صفحے کی جگہ اپنی مرضی سے کوئی بھی ویب صفحہ بطور ابتدائی صفحہ سیٹ کرسکتے ہیں اور پھر اس صفحے کو تبدیل بھی کرسکتے ہیں۔ آگے چل کر ہم باب نمبر 10 میں ابتدائی صفحہ سیٹ کرنا اور تبدیل کرنا سیکھیں گے۔





شکل نمبر 3.6 SeaMonley Navigator کا ابتدائی صفحہ بمطابق طے شدہ

ٹوٹکا:
جب آپ اپنا مطلوبہ ویب صفحہ یا سائٹ کھولتے ہیں تو آپ اس صفحے کا صرف اتنا حصہ دیکھ سکتے ہیں جتنی آپ کی کمپیوٹر سکرین ہے۔ تمام صفحہ بالا تا پایان نظارہ کرنے کے لیے اسے طومار کیا جاتا ہے۔ طومار بار عموماً صفحے کے دائیں طرف ہوتی ہے اس کے دوٗنوں سروٗں پر چھوٹے تیر (تکون ) کے نشان بنے ہوتے ہیں۔ صفحے کو اوٗپر لے جانے کے لیے اوٗپری سرے پر موجود چھوٹے تیر پر تیر لے جاکر کلک کریں جبکہ نیچے لے جانے کے لیے نچلے سرے پر موجود چھوٹے تیر پر کلک کریں۔

## 3۔3- Navigator دریچے کے بنیادی مشمولات

SeaMonkey Navigator دریچے میں دنیا بھر کے مقامات، ویب سائٹوں اوٗر معلومات تک رسائی کی جا سکتی ہے۔ اس میں کھلنے وٗالی ہر ویب سائٹ منفرد اوٗر مختلف ہوتی ہے تاہم جس دریچے میں یہ ساری ویب سائٹیں نظارہ کی جاتی ہیں اس کے بنیادی مشمولات ہمیشہ وٗہی رہتے ہیں جو ویب سائٹ کھلنے سے قبل، ویب سائٹ کھلنے پر، اوٗر بعد میں بھی نظر آتے ہیں۔ Navigator کے استعمال میں مہارت حاصل کرنے کے لیے ان مشمولات کے بارے میں جاننا ضروٗری ہے۔ SeaMonkey Navigator دریچے میں بنیادی طور پر مندرجہ ذیل اجزا شامل ہیں جو کہ شکل نمبر 3.7 میں نشام زد بھی کیے گئے ہیں۔




شکل نمبر 3.7 Navigator کا بنیادی دریچہ

## 1-3-3- مینیو بار

مینیو بار، Navigator دریچے کا سب سے اہم اور نمایاں حصہ ہے۔ اس میں تمام اختیارات کی فہرستیں الگ الگ زمروں میں دستیاب ہوتی ہے۔

### مسل مینیو

مینیو بار میں سب سے پہلے مسل مینیو ہوتا ہے اس مینیو میں یا دریچہ یا ٹیب کھولنے کے اختیارات کے ساتھ ساتھ چھاپنے اور چھپائی پیش نظارہ کا اختیار بھی شامل ہے۔

### تدوین مینیو

تدوین مینیو میں ترجیحات میں جاکر Navigator کی سیٹنگیں، ساخت اور رنگ وغیرہ اپنی مرضی کے مطابق بدلا جاسکتا ہے۔

### نظارہ مینیو

نظارہ مینیو، جیسے کہ نام سے ہی ظاہر ہے، میں دے گئے اختیارات کے ذریعے Navigator میں ویب صفحات کو چھوٹا بڑا کر کے دیکھا جاسکتا ہے۔

جائیں مینیو

اس مینیو کے اختیارات میں کم وبیش وہی اختیارات شامل ہیں جو ٹول بار میں موجود ہیں۔ آگے، واپس، پھر لوڈ کریں وغیرہ

نشانیاں مینیو

نشانیاں مینیو، جس میں صارف اپنی پسندیدہ ویب سائٹوں کو نشانی لگا کر محفوظ کر سکتا ہے اور پھر بعد میں مطلوبہ ویب سائٹ نظارہ کرنے کے لیے ویب پتہ ٹائپ کرنے کے بجائے نشانیوں کی مدد سے مطلوبہ ویب سائٹ تک رسائی کی جاسکتی ہے۔

ٹول مینیو

اس مینیو میں کوکیاں، وابستہ دریچے اور ویب صفحے میں تلاش کرنے کے اختیارات شامل ہیں

دریچہ مینیو

دریچہ مینیو میں، Seamonkey انٹرنیٹ سوٹ کی دیگر مصنوعات کی فہرست شامل ہے جس کی بدولت Navigator، استعمال کرتے ہوئے دیگر مصنوعات استعمال کی جاسکتی ہیں۔


مدد مینیو

مدد مینیو میں SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ کے مختلف اجزا اور ان کے افعال کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا ہے تاکہ نئے صارف کو SeaMonkey انٹرنیٹ سوٹ استعمال کرنے میں آسانی رہے۔

## 2۔3۔3- ٹول بار

ٹول بار میں شامل اختیارات کی تفصیل نیچے جدول میں ملاحظہ کریں

جدول نمبر 3.1: ٹول بار کے مشمولات

| بٹن | تصریح |
|---|---|
|  | اگر آپ ایک ہی دریچے میں ایک کے بعد دوسری ویب سائٹ یا ویب صفحے نظارہ کریں تو دوبارہ پچھلے ویب صفحے پر جانے کے لیے "واپس "بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔ |
|  | ایک ہی دریچے میں ایک سے زیادہ ویب سائٹیں یا ویب صفحے نظارہ کرتے ہوئے اگر آپ پچھلے ویب صفحے پر واپس آجائیں تو موجودہ صفحے پر آنے کے لیے "آگے " بٹن استعمال کریں۔ |
|  | اگر آپ Navigator میں کوئی ویب سائٹ کھولنے کے لیے ویب پتہ ٹائپ کریں اور ویب سائٹ کافی دیر تک یا صحیح طور پر نہ کھل رہی ہو تو "پھر لوڈ کریں " کا بٹن دبایا جاتا ہے۔ |
|  | اگر آپ کوئی ویب پتہ ٹائپ کریں لیکن آپ اس ویب سائٹ کو نظارہ نہیں کرنا چاہتے یا غلطی سے کوئی اور ویب پتہ ٹائپ ہوجائے تو Navigator کو روکنے کے لیے "رکیں "بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔ |
|  | آپ خواہ کوئی بھی ویب سائٹ نظارہ کررہے ہوں "گھر "بٹن دبانے سے آپ اس صفحے پر واپس آجائیں گے جو Navigator آغاز ہوتے ہی سب سے پہلے ظاہر ہوتا ہے یعنی "ابتدائی صفحہ "۔ |
|  | پتہ بار میں ویب پتہ ٹائپ کرنے کے بعد ویب سائٹ تک پہنچنے کے لیے "جائیں "اختیار استعمال کیا جاتا ہے |
|  | "تلاش کریں "اختیار سے کھلے ہوئے دریچے میں ایک اور دریچہ کھل جاتا ہے، جس میں مختلف تلاش انجنوں سے تلاش کرنے کے اختیارات ہوتے ہیں۔ |
|  | کھلی ہوئی ویب سائٹ کا کوئی صفحہ چھاپنے کے لیے "چھاپیں "اختیار استعمال کیا جاتا ہے۔ |

# مشق

آپ SeaMonkey براوزر کے تربیتی کتابچے کا تیسرا سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٗر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٗر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٗبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو سات کثیرالانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیرالانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)۔ یو آر ایل کیا ہوتا ہے؟

(ا)- ایک انٹرنیٹ سائٹ کا نام ہے

(ب)- کلیدی تختے پر موجود ایک بٹن ہے

(ج)- ماوٗس کے دائیں بٹن کو کہتے ہیں

(د)-کسی ویب سائٹ کے مخصوص پتے کو کہا جاتا ہے

(2)- عام طور پر یو آر ایل کتنے حصوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(ا)- دوٗ حصوں پر

(ب)-تین حصوں پر

(ج)-چار حصوں پر

(د)- ایک حصے پر

(3)- پروٹوکول کیا ہوتا ہے؟

(ا) -یوآرایل کا ایک اہم حصہ ہوتا ہے

(ب ) - انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال کو کہتے ہیں

(ج )- کمپیوٹر کے ایک سافٹ وئیر کا نام ہے

(د)- ایک دوٗا ساز کمپنی کا نام ہے

(4)- ان میں سے کون سا'یوآر ایل' کا حصہ نہیں ہے؟

(ا)- دستاوٗیز

(ب ) -ڈائریکٹری

(ج )- سریع چالو

(د)- نام پیش کار

(5)- یوآرایل کہاں ٹائپ کیا جاتا ہے؟

(ا)- ڈیسک ٹاپ پر براہ راست کہیں بھی ٹائپ کیا جاتا ہے

(ب ) -پتہ بار میں ٹائپ کیا جاتا ہے

(ج ) -ٹاسک بار میں ٹائپ کیا جاتا ہے۔

(د)- اعلان علاقہ پرٹائپ کیا جاتا ہے

(6)- اگر SeaMonkey Navigator پہلے سے کھلا ہو تو کوئی بھی ویب سائٹ نظارہ کرنے کے لیے سب سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

(ا)- ڈیسک ٹاپ پر کہیں بھی کوئی لفظ ٹائپ کریں

(ب)- ویب سائٹ کا یوآرایل ٹائپ کریں

(ج)- انٹرنیٹ سے کنکشن منقطع کر دیں

(د)- اپنا ای میل پتہ ٹائپ کریں

(7)- کوئی ویب سائٹ نظارہ کرتے ہوئے مزید نیا دریچہ کھولنے کے لیے سب سے پہلے

(ا)- کھلے ہوئے دریچے میں مسل مینیو پر کلک کیا جاتا ہے

(ب)- کمپیوٹر میں موجود کسی بھی پوشے پر ڈبل کلک کیا جاتا ہے

(ج)- پہلا دریچہ بند کر دیا جاتا ہے

(د)- یوآرایل حذف کیا جاتا ہے

## عملی کام

1- ایک ہی دریچے میں دوٗ مختلف ٹیبوں میں مندرجہ ذیل ویب سائٹیں کھولیں:

www.crulp.org , www.urdupoint.com

2- SeaMonkey Navigator آغاز کرکے اس میں مندرجہ ذیل ویب سائٹ کھولیں اوٗر کھلے ہوئے دریچے سے نیا دریچہ کھولیں۔

3- مندرجہ ذیل یوآرایل کی حامل ویب سائٹ بطور ابتدائی صفحہ سیٹ کریں۔

www.bbcurdu.com

## جوابات

1- د، 2- ب، 3- ا، 4- ج، 5- ب، 6- ب، 7- ا

# 4 - ویب سائٹ کے مشمولات

عموماً ویب سائٹ میں مندرجہ ذیل مشمولات ہوتے ہیں لیکن ہر ویب سائٹ پر یہ تمام مشمولات ایک وقت موجود نہیں ہوسکتے۔ ممکن ہے کہ مختلف ویب سائٹوں پر ان میں سے کچھ یا تمام موجود ہوں۔

## 4.1 - ویب مینیو


ویب مینیو، ویب سائٹ کا اہم حصہ ہے۔ یہ تقریباً ہر ویب سائٹ پر موجود ہوتا ہے۔ ویب مینیو دراصل متعلقہ ویب سائٹ میں موجود مواد کے عنوانات پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ کسی بھی شکل میں ہوسکتا ہے۔ نیچے دی گئی شکل نمبر 4.1(ا) میں ویب سائٹ کا مینیو دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 4.1(ا) ویب مینیو

## 4.2- ربط

ویب سائٹ پر موجود ایسا جزو جس پر کلک کرنے سے ایک نیا صفحہ یا نیا دریچہ ظاہر ہوتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ اگر آپ ماؤس کا تیر اس متن یا نقش پر لے جائیں تو اس پر تیر کے بجائے ہاتھ کا نشان آنے لگے گا۔ مثال کے طور پر یہ کوئی یوآرایل بھی ہوسکتا ہے، کوئی تصویر بھی ہوسکتی ہے اور بٹن بھی ہوسکتا ہے۔ دراصل ایک جزو جو انٹرنیٹ پر ایک نئے محل وقوع کی نشاندہی کرے، وہ ربط کہلاتا ہے۔ شکل نمبر 4.1(ا) میں ربط پر کلک کرنے سے شکل نمبر 4.1(ب) میں دکھایا گیا ویب صفحہ کھل جائے گا۔




شکل نمبر 4.1(ب) ربط سے کھلنے والا صفحہ

## 4.3- نقش

کسی بھی ویب سائٹ یا صفحے پر جو تصاویر نظر آتی ہیں، وہ نقش کہلاتی ہیں۔۔ عام طور پر ویب سائٹ پر نقوش چھوٹی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ان نقوش پر کلک کرنے سے ان کا سائز بڑا کرکے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ کچھ ویب سائٹوں میں نقوش ایک پوپ اپ دریچے میں الگ سے بھی کھول کر دیکھنے کا اختیار بھی موجود ہوتا ہے۔ جیسے کہ www.bbcurdu.com میں دیا گیا ہے۔ آپ اس ویب سائٹ میں براوز کرکے نقوش کی مثالیں بہتر طور پر دیکھ اور سمجھ

سکتے ہیں۔ نقوش کی چند مثالیں دیکھنے کے لیے دی گئی شکل نمبر 4.2 دیکھیں۔





شکل نمبر 4.2 نقوش

## 4.4 - بٹن

وَیب سائٹ پر متن کے ساتھ چھوٹے چھوٹے بٹن بھی موجود ہوتے ہیں۔ یہ بٹن دراصل ربط کی ایک شکل ہوتے ہیں۔ بٹنوں کی دوٗاقسام ہوتی ہیں، ایک وُہ جن پر صرف ماوٗس سے کلک کرکے ہم براہ راست کسی دوٗسرے محل وُقوع پر جا سکتے ہیں، اس بٹن سے ظاہر ہونے وُالا محل وُقوع پہلے سے بٹن پر نمایاں ہوتا ہے۔ شکل نمبر 4.4 میں نشان زد کیے گئے بٹنوں کو براہ راست کلک کرنے سے مطلوبہ محل وُقوع تک جایا جا سکتا ہے۔ دوٗسری قسم وُہ ہے جس کے ساتھ متن خانہ یا ڈراپ ڈاوٗن فہرست جیسا اختیار ہوتا ہے۔ اس بٹن کے ذریعے بھی کسی دوٗسرے محل وُقوع پر جایا جاسکتا ہے، لیکن جانے سے پہلے متن خانے میں کلیدی الفاظ ٹائپ یا ڈراپ ڈاوٗن فہرست میں سے کوئی شے منتخب کرنی پڑتی ہے۔ مثال کے طور پر جو بٹن شکل نمبر 4.3 میں نشان زد کیا گیا ہے اس کے ساتھ وُالے خانے میں متن ٹائپ کرنے کے بعد

اس بٹن پر کلک کرنے سے ہم اپنے مطلوبہ محل وقوع پر جاسکتے ہیں۔




شکل نمبر 4.3 بٹن




شکل نمبر 4.4 بٹن

## 4.5- متن خانہ

کسی ویب سائٹ پر موجود ایسا خانہ جس میں آپ اپنی مرضی سے کوئی بھی لفظ ٹائپ کر سکتے ہیں وہ متن خانہ کہلاتا ہے۔


عام طور پر متن خانہ کسی قسم کی معلومات یا کوائف تلاش کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیساکہ شکل نمبر 4.5 میں نشان زد کیا گیا ہے ۔ متن خانے کی مزید اقسام بھی ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر کچھ ویب سائٹوں پر اپنا تبصرہ شامل کرنے کے لیے بھی متن خانہ دستیاب ہوتا ہے۔ آپ اس متن خانے میں اپنے خیالات ٹائپ کر سکتے ہیں۔




شکل نمبر 4.5 متن خانہ

## 4.6- ڈراپ ڈاؤن (Drop down) فہرست

ڈراپ ڈاؤن فہرست ایک خانے کی شکل میں موجود ہوتی ہے۔ اس کے دائیں یا بائیں طرف ایک چھوٹے سے تیر کا نشان ہوتا ہے، جس پر ماؤس سے کلک کرکے اس فہرست کو کھولا جاسکتا ہے۔ اس فہرست کو اوپر سے نیچے تک ماؤس کے ذریعے طومار کیا جاسکتا ہے۔ اس میں دی گئی اشیا میں سے آپ صرف ایک شے منتخب کرسکتے ہیں۔ ڈراپ ڈاؤن فہرست میں اپنی مرضی سے متن ٹائپ نہیں کیا جاسکتا۔ ڈراپ ڈاؤن فہرست کی بصری مثال کے لیے شکل نمبر 4-6 ملاحظہ کریں۔ آپ اس ویب سائٹ پر دی گئی فہرست میں سے جو کہانی منتخب کرکے اس پر کلک کریں گے، آپ کے سامنے وہی کہانی کھل جائے گی۔




شکل نمبر 4.8 ڈراپ ڈاؤن فہرست

## 4.7- بینر (Banner)

اکثر اوقات ویب سائٹوں پر چھوٹے بڑے مختلف خانوں میں کچھ اشتہارات ظاہر ہوتے ہیں۔ ان اشتہارات کو بینر کہتے ہیں۔ یہ اشتہارات عموماً صفحے کے بالا پر نظر آتے ہیں لیکن یہ صفحے پر کہیں بھی ہوسکتے ہیں۔ بینر حرکت اندازی کے حامل بھی ہوتے ہیں۔ یہ بینر دراصل ربط ہوتے ہیں۔ ان پر کلک کرنے سے ایک نیا دریچہ یا نیا صفحہ کھل جاتا ہے۔ جو اس بینر کی تفصیل سے متعلق ہوتا ہے۔ عام طور پر بینروں پر کلک کرنے سے گریز کرنا چاہیے کیوں کہ ان پر کلک کرنے سے وائرس زدہ صفحہ بھی کھل سکتا ہے۔ جو آپ کے کمپیوٹر کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ شکل نمبر 4.7 میں ویب صفحے پر موجود تمام بینروں کو نشان زد کیا گیا ہے۔




شکل نمبر 4.7 بینرز

## 4.8- پوپ اپ (Pop Up)

پوپ اپ ایک ویب دریچہ ہے۔ یہ عام معیاری دریچے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ پوپ اپ معیاری دریچے میں موجود تمام فیچروں کے بغیر ہوتا ہے جیسے کہ ٹول باریں، مینیو بار وغیرہ۔ بعض اوقات کوئی ویب سائٹ کھولتے ہی اشتہاروں پر مبنی پوپ اپ دریچے خود بخود ظاہر ہو جاتے ہیں۔ شکل نمبر 4.8 میں نشان زد کیا گیا پوپ اپ دریچہ کارآمد ہے لیکن اکثر پوپ اپ دریچے صرف اشتہارات کے لیے بنائے جاتے ہیں۔




شکل نمبر 4.8 پوپ اپ

## 4۔9- حرکت اندازی


کسی ویب سائٹ پر مسلسل حرکت کرتے ہوئے متن یا نقوش کو حرکت اندازی کہا جاتا ہے۔ زیادہ تر حرکت اندازی نقوش میں نظر آتی ہے۔ شکل نمبر 4.9 میں بظاہر دو الگ نقوش دکھائی دیتے ہیں۔ یہ دراصل ایک ہی تصویر ہے جو حرکت اندازی کی وجہ سے ہر لمحے بدلتی ہے۔




شکل نمبر 4.9 حرکت اندازی

## 4.10 - آڈیو (Audio)

کسی ویب سائٹ پر آواز کی شکل میں موجود مواد کو آڈیو کہتے ہیں۔ بعض اوقات جب ہم کوئی ویب سائٹ کھولتے ہیں تو اس کے کھلتے ہی موسیقی سنائی دینے لگتی ہے۔ یہ موسیقی بھی آڈیو کہلاتی ہے۔ موسیقی عموماً تفریحی ویب سائٹوں پر سنائی دیتی ہے۔ آڈیو کی جو مثال شکل نمبر 4.10 میں دی گئی ہے اس پر کلک کرکے ہم خبریں سن سکتے ہیں۔





شکل نمبر 4.10 ویب سائٹ پر دستیاب آڈیو

## 4.11- وِیڈیو (Video)

کسی ویب سائٹ پر موجود مواد جس میں آواز کے ساتھ ساتھ حرکت کرتی ہوئی تصویر بھی دیکھی جا سکے وِیڈیو کہلاتا ہے۔ یہ وِیڈیو تین مختلف طریقوں سے دیکھی جا سکتی ہے تاہم کسی بھی وِیڈیو پر تینوں طریقوں کا اطلاق نہیں کیا جاسکتا۔


- وِیڈیو کے ربط پر کلک کر کے اسی دریچے میں وِیڈیو دیکھی جا سکتی ہے۔
- وِیڈیو کے ربط پر کلک کرنے سے ایک پوپ اپ دریچہ کھلتا ہے جس میں وِیڈیو دیکھی جا سکتی ہے۔
- وِیڈیو کے ربط کے ساتھ ہی ڈاؤن لوڈ کرنے کا اختیار موجود ہوتا ہے۔ اس اختیار کی مدد سے وِیڈیو ڈاؤن لوڈ کر کے محفوظ کی جا سکتی ہے۔ اس طرح ڈاؤن لوڈ کی ہوئی وِیڈیو کبھی بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ نیچے دی گئی شکل نمبر 4.11 میں نشان زد کیے گئے ربط پر ماؤس سے کلک کر کے وِیڈیو دیکھی جا سکتی ہے۔




شکل نمبر 4.11 ویب سائٹ پر دستیاب وِیڈیو

## 4.12- فریم (Frame)

فریم کسی ویب صفحے کو دو یا دو سے زیادہ حصوں میں تقسیم کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ فریم کے حامل ویب صفحے کے ہر حصے کو الگ الگ طور پر طومار کیا جا سکتا ہے۔





شکل نمبر 4.12 فریم

## 4.13- طومار خانہ

طومار خانے کو متن خانہ اور ڈراپ ڈاؤن فہرست کا امتزاج کہا جا سکتا ہے۔ طومار خانہ دراصل ایک متن خانہ ہوتا ہے، اس کے دائیں یا بائیں طرف ڈراپ ڈاؤن فہرست کی طرح ایک تیر کا نشان ہوتا ہے۔ اس نشان پر کلک کرنے سے ایک

فہرست کھل جاتی ہے۔ اب آپ اس فہرست میں سے اپنی مرضی سے کوئی شے منتخب کرسکتے ہیں، اس کے علاوہ آپ اس خانے میں کلک کر کے اپنی مرضی سے بھی متن ٹاپ کرسکتے ہیں۔ طومار خانے میں دی گئی فہرست میں سے ایک سے زیادہ اشیا منتخب نہیں کی جاسکتیں۔




شکل نمبر 4.13 طومار خانہ

## 4.14 - ریڈیو بٹن

ریڈیو بٹن کسی ویب سائٹ پر دی گئی اشیا میں سے ایک شے کو منتخب کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان بٹنوں کو ماؤس کے ذریعے کلک کر کے بانشان کیا جاتا ہے۔ ان بٹنوں میں ایک سے زیادہ بٹن کو بانشان نہیں کیا جاسکتا۔ اس لیے یہ صرف ان جگہوں پر نظر آتے ہیں جہاں دستیاب اشیا میں سے صرف ایک کو منتخب کرنا ہو۔ مثال کے لیے شکل نمبر 4.14 میں نشان زد کیے گئے بٹن دیکھیں۔ ان بٹنوں کو ووٹ دینے کے لیے استعمال کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔




شکل نمبر 4.14 ریڈیو بٹن

## 4.15- پڑتال خانہ

پڑتال خانے عام طور پر ویب سائٹ پر دی گئی کچھ اشیا کے ساتھ چوکور شکل میں بنے ہوتے ہیں۔ ان کو ماؤس کے ذریعے کلک کر کے بانشان یا بے نشان کیا جاتا ہے۔ پڑتال خانے بھی ریڈیو بٹنوں کی طرح ہوتے ہیں لیکن یہ اس وقت استعمال ہوتے ہیں جب ایک سے زیادہ اشیا منتخب کرنی ہوں۔




شکل نمبر 4.15 پڑتال خانہ

# مشق

آپ SeaMonkey براوزر کے تربیتی کتابچے کا چوتھا سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٗر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٗر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٗبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو کثیرالانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیرالانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- ان میں سے کون کون سے کسی ویب سائٹ کے مشمولات نہیں ہو سکتے؟

(ا)- نئی ٹیب

(ب)- ویب مینیو

(ج)- طومار خانہ

(د)- حرکت اندازی

(2)- ویب مینیو کیا ہے؟

(ا)- کسی ہوٹل کے مینیو کا نام ہے

(ب)- کسی بھی ویب سائٹ کے مشمولات میں سے ایک ہے

(ج)- Start مینیو کا دوٗسرا نام ہے

(د)- کتاب کے کے ابتدائی صفحے پر موجود فہرست کو کہتے ہیں

(3)- کسی بھی ویب سائٹ پر نظر آنے وٗالی تصاوٗیر کیا کہلاتی ہیں؟

(ا)- ڈراپ ڈاؤن فہرست

(ب)- نقش

(ج)- پوپ اپ

(د)- پڑتال خانہ

(4)- ڈراپ ڈاؤن فہرست میں

(ا)- متن ٹائپ کیا جاسکتا ہے

(ب)- نقش محفوظ کیا جاسکتا ہے

(ج)- کسی کو پیغام بھیجا جاسکتا ہے

(د)- کوئی شے منتخب کی جاسکتی ہے

(5)- بینر اور پوپ اپ کیا ہیں؟

(ا)- دوٗ الگ الگ مشمولات ہیں

(ب)- ایک ہی مشمول کے دوٗ نام ہیں

(ج)- مختلف دریچے ہیں

(د)- ا، ب، ج میں سے کوئی بھی جواب درست نہیں

(6)- ویب سائٹ پر آڈیو کا مشمول کس قسم کے مواد پر مبنی ہوتا ہے؟

(ا)- حرکت کرتی ہوئی تصاویر پر

(ب)- کسی متن پر

(ج )- آواز پر مبنی

(د )-پیغامات پر مبنی

(7 )- وَیب سائٹ پر موجود وَیڈیو عموماً کتنے طریقوں سے دیکھی جا سکتی ہے ؟

(ا)- صرف ایک طریقے سے

(ب )- دوٗ طریقوں سے

(ج )- تین طریقوں سے

(د )- تین سے بھی زیادہ

(8 )- طومار خانے کو کن دوٗ مشمولات کا مجموعہ کہا جاتا ہے ؟

(ا)- ریڈیو بٹن اوٗر فریم

(ب )- وَیب مینیو اوٗر متن خانہ

(ج )- پڑتال خانہ اوٗر متن خانہ

(د )- ڈراپ ڈاوٗن فہرست اوٗر متن خانہ

(9 )- پڑتال خانہ کب استعمال کیا جاتا ہے ؟

(ا)- جب دستیاب اشیا میں سے صرف ایک شے کو منتخب کرنا ہو

(ب )- جب کوئی دستاوٗیز چھاپنی ہو

(ج )- جب ریڈیو بٹن کام نہ کرے

(د )- جب ایک سے زیادہ اشیا منتخب کرنی ہوں

## عملی کام

1- مندرجہ ذیل یوآرایل ٹائپ کر کے ویب سائٹ نظارہ کریں اوٗر اس میں دستیاب ریڈیو بٹن استعمال کریں۔

www.bbcurdu.com

2- مندرجہ ذیل ویب سائٹ کے مینیو میں سے کوئی بھی ربط کھولیں۔

www.urdupoint.com

## جوابات

1-ا، 2-ب، 3-ب، 4-د، 5-ا، 6-ج، 7-ج، 8-د، 9-د

# 5- تلاش انجن

تلاش انجن ایک ایسا پروگرام ہے جس کی بدوَلت آپ گھر بیٹھے انٹرنیٹ پر دستیاب معلومات اوَر کوائف تلاش کر کے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو تعلیمی، تفریحی، تاریخی یا کسی بھی قسم کی معلومات درکار ہوں تو آپ لائبریری جا کر کتابیں ڈھونڈنے کے بجائے انٹرنیٹ پر تلاش انجن کے ذریعے چند لمحوں میں متعلقہ معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ کچھ اہم تلاش انجن اوَر ان کے یوآرایل درج ذیل ہیں:

Google: www.google.com.pk
Ask: www.ask.com
Yahoo: www.search.yahoo.com

## 5.1- تلاش بذریعہ Google

گذشتہ سطور میں ہم نے پڑھا ہے کہ Google ایک تلاش انجن ہے۔ اس تربیت میں ہم Google کے ذریعے تلاش کرنا سیکھیں گے۔ Googleتلاش انجن پر کم وَبیش ہر زبان میں علمی اوَر عالمی سطح پر معلومات تلاش کرنے کی سہولت دستیاب ہے۔

### 5.1.1- اختصاصی کلیدی الفاظ داخل کرنا

Googleتلاش انجن کے ذریعے تلاش کرنے کے لیے مندرجہ ذیل مراحل سرانجام دیں:

- سب سے پہلے SeaMonkey Navigatorآغاز کریں۔
- اب اس پر موجود پتہ بار میں www.google.com ٹائپ کریں اوَر کلیدی تختے سے Enter کا بٹن دبائیں۔
- آپ کے سامنے Googleتلاش انجن کھل جائے گا۔ اس پر موجود متن خانے میں مطلوبہ معلومات سے متعلق اختصاصی کلیدی الفاظ ٹائپ کریں۔ مثلاً اگر آپ اردوَزبان کی تاریخ کے بارے میں تلاش کرنا چاہتے ہیں تو شکل نمبر 5.1 کے مطابق "اردوَزبان کی تاریخ" لکھیں۔




شکل نمبر 5.1 اختصاصی کلیدی الفاظ ٹائپ کرنا

### 5.1.2- مطلوبہ معلومات تک براؤزنگ

- کلیدی الفاظ داخل کرنے کے بعد مطلوبہ معلومات کے نتائج تک براؤز کرنے کے لیے متن خانے سے نیچے دائیں طرف Google تلاش پر کلک کریں۔
- کلک کرنے کے بعد آپ کے سامنے ایک سلامتی تنبیہ پیغام آجائے گا اس میں "جاری رکھیں" پر کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 5.2 دیکھیں۔




شکل نمبر 5.2 سلامتی تنبیہ پیغام

## 5.1.3 - تلاش نتائج میں سے مطلوبہ تلاش کی شناخت

- "جاری رکھیں" پر کلک کرنے سے آپ کے سامنے آپ کی مطلوبہ معلومات سے متعلق کم وبیش دس یا دس سے زیادہ نتائج ظاہر ہوجائیں گے۔ مثال کے لیے شکل نمبر 5.3 دیکھیں۔
- ان نتائج میں معیاروَاستناد کو مدنظر رکھتے ہوئے مطلوبہ تلاش شناخت کریں۔
- معیاروَاستناد کے علاوہ یہ بھی مدنظر رکھیں کہ کیا ان نتائج میں آپ کی مطلوبہ معلومات دستیاب ہیں؟ اگر آپ کی مطلوبہ معلومات دستیاب نہ ہوں تو اختصاصی کلیدی الفاظ میں ردوَبدل کرکے دوَبارہ ٹائپ کرکے تلاش کریں۔

نوٹ! کسی بھی ویب سائٹ کے معیار و استناد کو جانچنے کے بارے میں ہم باب نمبر 6 میں پڑھیں گے۔




شکل نمبر 5.3 تلاش کا نتائج صفحہ

## 5.2 - اعلیٰ تلاش بذریعہ Google

Google تلاش انجن میں صارفین کو اعلیٰ تلاش کا اختیار بھی دیا گیا ہے۔ اب ہم Google کے ذریعے اعلیٰ تلاش سیکھیں گے۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:


- سب سے پہلے آپ اپنے ذہن میں ایک زمرہ منتخب کریں جو آپ تلاش کرنا چاہتے ہیں پھر SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔
- اب پتہ بار میں www.google.com ٹائپ کر کے Enter دبائیں۔

- Google کا صفحہ ظاہر ہونے پر آپ متن خانے کے بائیں طرف دیے گئے اختیار "اعلیٰ تلاش" پر کلک کریں۔ جیساکہ شکل نمبر 5۔4 میں دکھایا گیا ہے۔
- اب آپ کے سامنے شکل نمبر 5۔5 میں دکھایا گیا صفحہ ظاہر ہو گا۔

> یاد رکھیں:
>
> اعلیٰ تلاش کی ذیل میں دیے گئے تمام اختیارات آپ ایک وقت استعمال نہیں کر سکتے۔ تاہم کچھ اختیارات ایک وقت ہی استعمال کیے جاتے ہیں۔




شکل نمبر 5.4 اعلیٰ تلاش





شکل نمبر 5.5 صفحہ اعلیٰ تلاش


Google اعلیٰ تلاش کے اختیارات مندرجہ ذیل ہیں:

## 5.2.1 - تمام الفاظ کے ساتھ

"تمام الفاظ کے ساتھ" اعلیٰ تلاش کے صفحے پر موجود ایک اختیار ہے جو شکل نمبر 5.6 (ا) میں نشان زد کیا گیا ہے۔ آپ جس موضوع سے متعلق تلاش کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے متعلق اختصاصی کلیدی الفاظ اس اختیار کے سامنے دیے گئے متن خانے میں ٹائپ کریں اور Google تلاش بٹن پر کلک کریں۔ اس کے نتیجے میں آپ کے سامنے جو نتائج ظاہر ہوں گے ان تمام نتائج میں آپ کے ٹائپ کردہ الفاظ موجود ہوں گے۔ یہ ضروری نہیں کہ تمام الفاظ ایک ساتھ ہر جگہ موجود ہوں۔ یہ اکٹھے اور بکھرے ہوئے یعنی الگ الگ دونوں حالتوں میں ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 5.6 (ب) دیکھیں۔




شکل نمبر(ا)5.6تمام الفاظ کے ساتھ





شکل نمبر(ب) 5.6 تمام الفاظ کے ساتھ نتائج


## 5.2.2- ہوبہو فقرے کے ساتھ

مندرجہ بالا عنوان بھی اعلیٰ تلاش صفحے پر موجود ایک اختیار ہے۔ جس کے سامنے دیے گئے متن خانے میں آپ وہ تمام الفاظ ٹائپ کریں جو آپ نتائج میں ایک ساتھ تلاش کرنا چاہتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ "قائداعظم اور علامہ اقبال" مکمل فقرہ تلاش کرنا چاہتے ہیں تو اس اختیار کو استعمال کریں۔ اختیار کے سامنے دیے گئے متن خانے میں مطلوبہ فقرہ ٹائپ کریں اور Google تلاش بٹن پر کلک کریں، شکل نمبر 5.7 (ا)۔ اب آپ کے سامنے جو نتائج ظاہر ہوں گے ان

تمام نتائج میں آپ کا مطلوبہ فقرہ موجود ہوگا۔ مثلاً شکل نمبر 5.7 (ب) دیکھیں۔




شکل نمبر 5.7 (ا) ہوبہو فقرے کے ساتھ




شکل نمبر 5.7(ب) ہو بہو الفاظ کے نتائج


نوٹ:

تلاش کے نتائج آنے پر، داخل کیے گئے اختصاصی کلیدی الفاظ، متن خانے میں کچھ تبدیل ہو چکے ہوں گے۔ اس تبدیلی یا اضافے سے آپ کی تلاش پر کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ تلاش انجن کی اپنی عمل کاری کے لیے ہیں۔ مثلاً "کم از کم ایک لفظ کے ساتھ" میں متن خانے میں کلیدی الفاظ کے درمیان OR کا اضافہ ہو جائے گا۔

## 5.2.3- الفاظ میں سے کم از کم ایک لفظ کے ساتھ

اس اختیار کے زیر تحت آپ اپنی مطلوبہ تلاش مزید آسان اور مفید بنا سکتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ اس اختیار کے سامنے

دیے گئے متن خانے میں اگر آپ "علامہ اقبال قائداعظم" ٹائپ کریں تو اس کی تلاش کے جو نتائج آپ کے سامنے ظاہر ہوں گے۔ ان میں ان دونوں عنوانات کے الگ الگ نتائج اور وہ صفحات جن میں یہ دونوں عنوانات ایک ساتھ موجود ہیں، شامل ہوں گے۔ مثلاً شکل نمبر 5.8 دیکھیں۔





شکل نمبر 5.8 الفاظ میں کم از کم ایک لفظ کے ساتھ

## 5.2.4- ان الفاظ کے بغیر

اکثر اوقات جب آپ کوئی معلومات تلاش کر رہے ہوں تو تلاش نتائج میں کچھ نتائج قطعی غیر متعلقہ ہوتے ہیں۔ ان غیر متعلقہ نتائج سے بچنے کے لیے اس اختیار میں آپ وہ لفظ ٹائپ کریں جو آپ کو اپنی معلومات میں مطلوب نہیں۔ جیسے کہ اگر آپ قائداعظم کی شخصیت پر مضامین تلاش کرنا چاہتے ہیں تو 'قائداعظم' تمام الفاظ کے ساتھ' والے متن خانے میں ٹائپ کرنے پر، قائداعظم کے نام سے موجود کالج، یونیورسٹیوں، ہسپتال اور ہوائی اڈوں وغیرہ سے متعلق معلومات پر مبنی ویب صفحات کے روابط، تلاش نتائج کے صفحے پر ظاہر ہوجائیں گے۔ اس کے برعکس اگر 'ان الفاظ کے بغیر' والے متن خانے میں 'کالج، یونیورسٹی، ہسپتال' کے الفاظ ٹائپ کریں گے تو ان الفاظ پر مبنی معلومات چھانٹ ہو جائیں گی۔ اس سے آپ کو ہو بہو نتائج تلاش


کرنے میں آسانی رہے گی۔ مثلاً شکل نمبر 5.9 دیکھیں۔




شکل نمبر 5.9 ان الفاظ کے بغیر

## 5.2.5- زبان

Google اعلیٰ تلاش میں ایک اختیار زبان کا بھی دیا گیا ہے۔ اس اختیار کے تحت تلاش نتائج میں دستیاب معلومات، اس اختصاصی زبان میں ہوں گی جو زبان آپ منتخب کریں گے۔ مثال کے طور پر اگر آپ اردو کے بجائے انگریزی میں تلاش نتائج چاہتے ہیں تو آپ شکل نمبر 5.10 میں نشان زد کیے گئے اختیار میں ڈراپ ڈاؤن فہرست میں دی گئی زبانوں میں سے اپنی مطلوبہ زبان منتخب کریں اور منتخب کردہ زبان میں معلومات کے نتائج حاصل کریں۔





شکل نمبر 5.10 زبان

## 5.2.6 فائل کی شکل

جیسا کہ ہم گذشتہ صفحات میں پڑھ چکے ہیں کہ انٹرنیٹ پر معلومات یا کوائف مختلف اقسام کی مسلوں / فائلوں میں دستیاب ہوتے ہیں۔ اس اختیار میں ہم اپنی مرضی سے مسل / فائل کی شکل منتخب کر سکتے ہیں۔ اس اختیار کے سامنے دی گئی


پہلی ڈراپ ڈاؤن فہرست میں 'صرف' اور دوسری ڈراپ ڈاؤن فہرست میں دی گئی مختلف اقسام میں سے کوئی بھی منتخب کریں اور مطلوبہ شکل میں نتائج برآمد کریں۔ مثال کے لیے شکل نمبر 5.11 دیکھیں۔




شکل نمبر 5.11 فائل کی شکل

## 5.2.7- تاریخ


بعض اوقات تلاش کرتے ہوئے کچھ ایسے نتائج بھی ظاہر ہوجاتے ہیں جو بہت پرانے تحریر شدہ ہوتے ہیں جبکہ کچھ موضوعات ایسے ہوتے ہیں جن کے بارے میں تازہ ترین شائع کردہ معلومات ہی قابل استعمال ہوتی ہیں۔ مثلاً حالات حاضرہ، سیاست، سائنس اور دیگر کئی موضوعات۔ اس لیے Google اعلیٰ تلاش میں آپ "تاریخ" اختیار کے ذریعے تازہ ترین معلومات و کوائف تلاش کرسکتے ہیں۔ جیسا کہ شکل نمبر 5.12 میں نشان زد کیا گیا ہے۔




شکل نمبر 5.12 تاریخ

### 5.2.8- وَاقعات

اعلیٰ تلاش کے صفحے پر ایک اختیار "وَاقعات" کا بھی ہے۔ اس سے مراد ہے کہ آپ اپنے کلیدی الفاظ نتائج کے صفحات میں کس جگہ چاہتے ہیں۔ آپ کو صفحے کے متن میں یہ الفاظ مطلوب ہیں یا صرف عنوان ان الفاظ پر مبنی ہو۔ "وَاقعات" کے سامنے موجود ڈراپ ڈاوٴن فہرست میں سے آپ کوئی ایک اختیار منتخب کریں اور اپنی مرضی سے تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔ یہ اختیار وَہاں کارآمد ہو سکتا ہے جب آپ کو کسی خاص موضوع پر مکمل مضمون درکار ہو یا مختصر معلومات سے بھی آپ کی ضرورت پوری ہو سکتی ہو۔ مثلاً شکل نمبر 5.13 دیکھیں۔





شکل نمبر 5.13 وَاقعات

### 5.2.9- ڈوَمین (Domain)

ڈوَمین دراصل یوآرایل کا اہم حصہ ہے۔ جسے عمل داری کہتے ہیں۔ شکل نمبر 5.14 میں مختلف ڈوَمین نشان زد کی گئی ہیں۔ اس سے مراد ہے کہ آپ کو معلومات کس ڈوَمین کی وَیب سائٹ میں درکار ہیں۔ اگر آپ کو تمام ڈوَمینوں میں نتائج

چاہییں تو اس اختیار کو منتخب نہ کریں۔




شکل نمبر 5.14 ڈومین

## 5.2.10 نتائج کی تعداد

"Google تلاش" کے ساتھ ایک اختیار "نتائج کی تعداد" بھی ہے۔ اس اختیار سے مراد ہے کہ آپ ایک وقت میں نتائج صفحے پر کتنے نتائج چاہتے ہیں۔ یہاں بھی آپ ڈراپ ڈاؤن فہرست کا استعمال کرتے ہوئے مطلوبہ تعداد منتخب کریں۔ اب آپ کے سامنے ایک صفحے پر صرف اتنے ہی نتائج ظاہر ہوں گے جتنی تعداد آپ نے منتخب کی ہوگی۔ جیساکہ شکل نمبر 5.15 دکھایا گیا ہے۔ اگر آپ نے 10 منتخب کیا ہے تو تلاش نتائج بے شک 100 ہوں لیکن ہر صفحے پر 10 نتائج ہی ظاہر ہوں گے۔ مثلاً پہلے صفحے پر 10 نتائج، اس سے اگلے صفحے پر اگلے 10 نتائج وغیرہ۔ نتائج کا اگلا صفحہ نظارہ کرنے کے لیے نتائج صفحے کے پایان پر موجود 'آگے' کے ربط پر کلک کریں۔




شکل نمبر 5.15 نتائج کی تعداد

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا پانچواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٌر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٌر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٌبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو سات کثیرالانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیرالانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- Google کیا ہے؟

(ا)- خبروٌں کی ایک ویب سائٹ ہے

(ب)- تلاش انجن ہے

(ج)- کمپیوٹر کے ایک سافٹ وٌیئر کا نام ہے

(د)- صرف موسم کا حال جاننے کی ویب سائٹ ہے

(2)- Google پر کتنی زبانوں میں معلومات دستیاب ہیں؟

(ا)- صرف ایک

(ب)- دوٌ

(ج)- دس

(د)- کم وٌبیش ہر زبان

(3)- اگر آپ Navigator پر 'Google' ویب سائٹ آغاز کر چکے ہیں تو تلاش کرنے کے لیے سب سے پہلے کیا کریں گے؟

(ا)- دیے گئے متن خانے میں اپنا ای میل پتہ ٹائپ کریں گے

(ب)- صفحہ محفوظ کریں گے

(ج)-Google ویب سائٹ کا صفحہ چھاپیں گے

(د)-متن خانے میں اختصاصی الفاظ ٹائپ کریں گے

(4)- اگر ظاہر ہونے والے نتائج میں آپ کی مطلوبہ معلومات دستیاب نہ ہوں تو آپ کیا کریں گے؟

(ا)- SeaMonkey Navigator بند کر دیں گے

(ب)-اختصاصی الفاظ ٹائپ کیے بغیر تلاش کریں گے

(ج)-اختصاصی کلیدی الفاظ میں ردوبدل کر کے دوبارہ تلاش کریں گے

(د)-Google صفحہ کو نشانی لگائیں گے

(5)- Google پر زیادہ تر کس قسم کی معلومات آسانی سے دستیاب ہیں؟

(ا)- تعلیمی و تفریحی

(ب)- موسم، کھیلوں اور سیاست سے متعلق

(ج)-تاریخ و جغرافیہ سے متعلق

(د)-تمام شعبہ ہائے زندگی سے متعلق

(6)- مندرجہ ذیل میں سے کون سا اختیار Google اعلیٰ تلاش میں دستیاب نہیں ہے؟

(ا)- تمام الفاظ کے ساتھ

(ب )- زبان

(ج )- پاکستان سے صفحات

(د )- نتائج کی تعداد

(7)- 'واقعات' کے اختیار سے کیا مراد ہے؟

(ا)- آپ اپنے کلیدی الفاظ، ظاہر ہونے والے نتائج میں کس جگہ چاہتے ہیں

(ب )- آپ اپنے ذاتی واقعات Google پر بھیجنا چاہتے ہیں

(ج )- آپ اپنے کلیدی الفاظ حذف کرنا چاہتے ہیں

(د )- آپ کلیدی الفاظ کے علاوہ نتائج حاصل کرنا چاہتے ہیں

عملی کام

1- Google تلاش انجن استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل موضوعات سے متعلق معلومات تلاش کریں

1.1- آپ کا پسندیدہ کھیل (مثلاً: کرکٹ، شطرنج)

1.2- آپ کا مشغلہ (باغبانی، کھانا پکانا، ڈیزائننگ)

1.3- دنیا کے عجائبات

2- Google اعلیٰ تلاش کے ذریعے مندرجہ ذیل موضوعات سے متعلق معلومات تلاش کریں لیکن ہر نتائج صفحے پر دس نتائج ظاہر ہوں اور تمام نتائج اردو زبان میں دستیاب ہوں۔

2.1- پاکستان کی تاریخ

2.2- اردوؔ ادب کے مشہور شعرا کا کلام

2.3- پاکستان کے موسمی حالات

**جوابات**

1- ب، 2- د، 3- د، 4- ج، 5- د، 6- ج، 7- ا

# 6- کوائف اوَر معلومات کے معیار وَاستناد کی شناخت

عموماً جب ہم کسی شعبہ زندگی سے متعلق کوئی مواد استعمال کریں خاص طور پر تعلیمی حوالے سے، تو سب سے پہلے اس مواد کے اچھے معیار اوَر مستند ہونے کی تصدیق کی جاتی ہے۔ یہ ایک اچھی عادت ہے جو بعد میں پیش آنے وَالی کئی الجھنوں سے بچنے میں مدد دیتی ہے۔ اسی طرح جب آپ انٹرنیٹ پر کسی قسم کی معلومات تلاش کرتے ہیں تو آپ کو تلاش کے مطابق کئی قسم کی ویب سائٹیں مل جاتی ہیں۔ ان ویب سائٹوں پر موجود معلومات استعمال میں لانے سے قبل ان معلومات کے مصدقہ ہونے کی توثیق ضروَر کرلیں۔ ہم SeaMonkey Navigator کی اس تربیت میں کسی بھی ویب سائٹ کے معیار کو جانچنے کے لیے کچھ ذرائع سیکھیں گے جو کہ معیار کی صداقت کے لیے مددگار ثابت ہوں گے۔

## 6.1 - معیار کی کسوٹیاں

انٹرنیٹ پر چونکہ معلومات کا ایک وَسیع ذخیرہ دستیاب ہوتا ہے اوَر معلومات جتنی زیادہ ہوں گی ان میں درجہ بدرجہ تمیز کرنا یا ان معلومات کے مستند ہونے کی توثیق کرنا اتنا ہی پیچیدہ ہو گا۔ جس طرح کتاب شائع کرنے کی کوئی نہ کوئی وَجہ ہوتی ہے، مثال کے طور پر کچھ مصنفین مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے کتاب شائع کرتے ہیں، جبکہ کچھ علم یا اپنے فن کی تشہیر کے لیے۔ بالکل اسی طرح ویب سائٹوں کے شائع کرنے کے پس پردہ بھی کچھ خاص وَجوہات ہوتی ہیں۔ جن میں معلومات پہنچانا، مصنوعات کی تشہیر کرنا، عوام کا روَیہ بدلنا وَغیرہ شامل ہیں۔ بالعموم ویب سائٹوں پر معلومات تو مل جاتی ہیں لیکن یہ معلومات کس حد تک صحیح یا فائدہ مند ہیں یہ جانچنا بھی بے حد ضروَری ہے۔ یہ جاننے کے لیے ویب سائٹ بذات خود ایک بڑا ذریعہ ہے۔ کسی بھی ویب سائٹ کے مستند ہونے کی توثیق کے لیے درج ذیل عوامل اہم ہیں۔

### 6.1.1- ویب سائٹ کا مقصد

کسی ویب سائٹ کا معیار جانچنے کے لیے اس ویب سائٹ کا مقصد معلوم کرنا ایک اہم مرحلہ ہے۔ اس سے ہمیں معلومات کے مستند ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں کافی حد تک مدد مل سکتی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ مذکورہ ویب سائٹ میں دستیاب مواد میں آپ کو معلومات دینے کی کوشش کی گئی ہے یا کسی نکتے پر قائل کرنے کی یا معلومات

کس حدتک جواب داریا حقیقی ہیں ۔ اس کے لیے اس ویب سائٹ کے یوآرایل سے مدد لی جاسکتی ہے ۔ وہ اس طرح کہ کسی بھی یوآرایل کا آخری حصہ ڈومین ہوتا ہے اور یہ اکثر ویب سائٹ کے زمرے کی نشاندہی کرتی ہے ۔ مثال کے طور پر درج ذیل عمل داریاں ملاحظہ کریں ۔

1- com ۔ انگریزی کے لفظ commercial کا مخفف ہے اس طرح اس ڈومین کی حامل ویب سائٹیں زیادہ تر کمرشل حیثیت رکھتی ہیں اور ان کا مقصد عام طور پر مصنوعات کی تشہیر یا فروخت کرنا، ہوتا ہے ۔ مثال کے طور پر www.sang-e-meel.com

2- edu ۔ دراصل انگریزی لفظ education کا مخفف ہے، اسی سے ظاہر ہے کہ یہ ڈومین زیادہ تر تعلیمی ادارے اپنی ویب سائٹوں کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ یہ ویب سائٹیں زیادہ تر مستند اور مفید مواد پر مشتمل ہوتی ہیں ۔

3- org ۔ انگریزی کے لفظ organization کا مخفف ہے ۔ اس ڈومین کو مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی تنظیمیں اپنی ویب سائٹوں کے لیے استعمال کرتی ہیں ۔

مثلاً اگر آپ کسی ادارے کے بارے میں تفصیلات معلوم کرنا چاہتے ہیں اور آپ کو اپنی مطلوبہ تلاش کے تحت دو ویب سائٹیں ملی ہیں تو آپ ۔org ڈومین کی حامل ویب سائٹ کو دوسری ڈومین کی حامل ویب سائٹ پر ترجیح دیں، یعنی ویب سائٹ اور آپ کی تلاش کا مقصد ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہونا چاہیے ۔

مندرجہ بالا ڈومینوں کے علاوہ مزید ڈومینیں بھی ہوسکتی ہیں ۔

## 6.1.2-تازہ کاری

تازہ کاری کی ذیل میں عام طور پر ہر مستند ویب سائٹ میں اس ویب سائٹ کے آخری بار تازہ کاری کرنے کی تاریخ دستیاب ہوتی ہے ۔ کچھ ویب سائٹوں میں تاریخ کے ساتھ ساتھ تازہ کاری کرنے والے کا نام بھی مہیا کیا جاتا ہے ۔ یہ مطلوبہ معلومات کی نوعیت پر منحصر ہے کہ کیا ان معلومات کے لیے آپ کو تازہ ترین مواد درکار ہے ؟ مثال کے طور پر اگر آپ کو حالات حاضرہ کے کسی موضوع پر مواد چاہیے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ کوئی ایسی ویب سائٹ منتخب کریں جس کی باقاعدگی سے تازہ کاری کی جاتی ہو، یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اگر سائٹ کی تازہ کاری نہیں ہورہی یا اس کی تازہ کاری کی تاریخ موجودہ تاریخ سے بہت پہلے کی ہو تو اس کا مطلب ہے کہ سائٹ کو منظم کرنے والا کوئی نہیں

ہے۔ جس ویب سائٹ کی تازہ کاری نہ کی جائے اس ویب سائٹ سے مزید مدد نہیں مل سکتی۔ ویب سائٹ کی تازہ کاری ایک کتاب کے نئے ایڈیشن کی طرح اہم ہوتی ہے۔

### 6.1.3- درستی

معلومات حاصل کرنے کے لیے انٹرنیٹ ایک مفید اور تیز ترین ذریعہ تو ہے لیکن سو فیصد تصدیق شدہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ اس سہولت سے صحیح طور پر اس وقت مستفید ہو سکتے ہیں جب آپ انٹرنیٹ پر دستیاب مفید اور ناقص معلومات کے مابین تمیز کر سکیں۔ اس کے لیے ایک قابل ذکر نکتہ یہ ہے کہ آپ دستیاب معلومات کو غور سے پڑھیں اور دیکھیں کہ آیا یہ مواد ہر قسم (املا، گرامر اور ٹائپنگ وغیرہ) کی غلطیوں سے پاک ہے؟ اگر مواد میں آپ کو اس قسم کی غلطیاں نظر آئیں تو انہیں ہرگز نظر انداز مت کریں بلکہ اس سے بہتر ویب سائٹ تلاش کرنے کی کوشش کریں کیونکہ ویب سائٹ کے متن کی املا، گرامر کی غلطیاں اور ویب سائٹ کی ظاہری وضع قطع کا درست نہ ہونا اس امکان کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ شائد سائٹ کے مواد کی درستی کی جانچ پڑتال بھی نہیں کی گئی۔

### 6.1.4- حوالہ جات

بہترین اور مستند معلومات وہ ہوتی ہیں جو مکمل اور جامع ہونے کے ساتھ ساتھ حوالہ جات کی حامل ہوں۔اس کے برعکس اگر حوالہ جات کے بغیر مواد میسر ہو تو وہ کسی بھی شخص کے ذاتی نکتہ نظر پر مبنی بھی ہو سکتا ہے۔ حوالہ جات کا ہونا، معلومات کو زیادہ قابل اعتبار بناتا ہے۔

### 6.1.5- موزونیت

یہاں موزونیت سے مراد درکار معلومات، متعلقہ اور مخصوص ویب سائٹ سے حاصل کرنا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کو علامہ اقبال کی حیات پر مواد درکار ہو تو اقبال اکادمی کی ویب سائٹ موزوں اور نسبتاً بہتر ثابت ہوگی۔ اسی طرح اگر آپ کو سیاست سے متعلق کسی موجودہ موضوع پر مواد چاہیے تو خبروں کی کوئی ویب سائٹ بہتر رہے گی۔ اس کے باوجود یہ مواد استعمال کرنے سے قبل مناسب توثیق ضرور کر لیں تاکہ بعد میں کسی قسم کی کوئی پیچیدگی نہ ہو۔

## 6.1.6-ذمہ داری

ذمہ داری سے مراد ہے کہ آپ کی مطلوبہ معلومات جس مصنف نے تحریر کی ہیں کیا وہ معروف حیثیت کا حامل ہے؟ یا جس موضوع پر وہ مواد لکھا گیا ہے اس کے مصنف کو اس موضوع سے متعلق مواد لکھنے پر عبور ہے؟ اس ضمن میں مصنف کی قابلیت اور شہرت کی تصدیق کی جائے تو بہتر ہوگا۔ مثال کے طور پر طب کے موضوع پر کوئی ڈاکٹر یا طب سے متعلق محقق ہی بہتر معلومات فراہم کرسکتا ہے جبکہ اصناف ادب پر لکھنے کے لیے کسی ادبی محقق یا ادبی مصنف کو ہی عبور حاصل ہوگا۔

## 6.1.7-قابل توثیق

فرض کیا کہ آپ نے اپنی مطلوبہ معلومات حاصل کرلی ہیں اور ان معلومات کے ساتھ بھی موجود ہیں مگر آپ حوالہ جات کے صحیح ہونے کی تصدیق کرنا چاہتے ہیں، اس کے لیے آپ حوالہ جات کا کسی کتاب یا کاغذی دستاویز سے موازنہ کرسکتے ہیں۔ ایک سے زیادہ ویب سائٹوں پر ایک مواد کا ایک جیسے حوالہ جات سے موجود ہونا بھی اس کے حوالہ جات کی توثیق کرتا ہے۔

## 6.1.8-قابل اعتبار

چونکہ انٹرنیٹ پر کوئی بھی شخص رسائی حاصل کرکے مختلف موضوعات پر مواد شائع کرسکتا ہے لہذا یہ اطمینان کرلینا ضروری اور مناسب ہے کہ دستیاب معلومات کس زمرے میں آتی ہیں۔

1۔ محض پروپیگنڈا

2۔ ذاتی رائے

3۔ عالمانہ رائے

## 6.1.9-صارف کا خودساختہ مواد

کچھ ویب سائٹیں ایسی ہوتی ہیں جن پر دستیاب معلومات خود صارفین کی تخلیق کردہ ہوتی ہیں۔ مختلف مباحثوں پر مبنی ڈاک،

بلاگز اوٗر وکی، صارف کے خود تخلیق کردہ مواد کی عام مثالیں ہیں۔ ان ویب سائٹوں پر دستیاب مواد اپنے حوالہ جات اوٗر توثیق کے باوٗجود مشکوک حیثیت کا حامل ہوسکتا ہے۔ وٗہ اس طرح کہ ان ویب سائٹوں پر مختلف صارفین اپنی اپنی معلومات کے مطابق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں، جیساکہ شکل نمبر 6.2 میں دکھایاگیا ہے۔ ان ویب سائٹوں پر دستیاب معلومات ایک دوٗسرے کے ساتھ بانٹی جا سکتی ہیں، اوٗر ان معلومات میں ترمیم بھی کی جا سکتی ہے۔

مثال کے طورپر شکل نمبر 6.1 دیکھیں۔

ٹوٹکا:

بلاگ انگریزی کے لفظ web_log سے ماخوذ ہے۔ یہ کسی بھی صارف کی بنائی ہوئی ذاتی ویب سائٹ ہوتی ہے، جس میں مختلف ممبران کسی بھی موضوع یا اپنے مشاغل پر اپنے اپنے خیالات کا برملا اظہار کرتے ہیں۔

ٹوٹکا:

وکی دراصل ایک آن لائن ذریعہ معلومات ہے، جس میں صارفین کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وٗہ اس مواد میں اپنی طرف سے کچھ بھی شامل کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں وکی پیڈیا ایک معروٗف وکی ہے۔

مندرجہ بالا عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم کسی ویب سائٹ کا معیار پڑتال کرنے کے لیے تین درجات مقرر کرسکتے ہیں۔




شکل نمبر 6.1 صارف کی خود تخلیق کی ہوئی معلومات




شکل نمبر 6.2 صارفین کے تبصروں پر مبنی ویب سائٹ

## 6.2- معیار کے درجات


کسی بھی ویب سائٹ کی توثیق کے بارے میں جانچنے کے لیے مندرجہ ذیل تین پیمانے مقرر کیے گئے ہیں تاہم ہر ویب سائٹ پر ان کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا۔ یہ پیمانے مندرجہ ذیل ہیں۔

- مستند
- متوسط
- ناقص

## مستند

مستند حیثیت کی حامل ویب سائٹ میں مندرجہ ذیل نمایاں ہوتی ہیں:

- ویب سائٹ کی ڈومین معروف حیثیت کی حامل ہو
- معلومات جامع اور موزوں ہوں اور بے جا تفصیل کی بھرمار سے عاری ہوں۔
- معلومات کے ساتھ ساتھ اس کے ماخذ کا تعین کیا گیا ہو۔
- معروف مصنفین کے حوالہ جات دیے گئے ہوں۔
- ویب سائٹ پر دستیاب مواد ہر قسم (گرامر، املا اور ٹائپنگ) کی غلطیوں سے پاک ہو۔
- مواد میں ذاتی نکتہ نظر اور حقائق کے مابین واضح فرق نمایاں ہو۔
- ویب سائٹ کے منتظم اور پس منظر سے متعلق بیان کیا گیا ہو۔
- جس مواد کے لیے ضرورت ہو اس کی تازہ کاری کی گئی ہو، اور حالیہ تازہ کاری کی تاریخ بھی میسر ہو۔




شکل نمبر 6.3 (الف) مستند ویب سائٹ کی مثال





شکل نمبر 6.3 (ب) مستند ویب سائٹ

متوسط

متوسط حیثیت کی حامل ویب سائٹ کی شناخت یہ ہے :

- ویب سائٹ معروف یا غیر معروف ہو۔
- معلومات مفصل ہوں لیکن اس میں متعلقہ اور غیر متعلقہ دونوں قسم کا مواد شامل ہو۔
- معلومات کے حوالے تو موجود ہوں لیکن معروف مصنفین کے نہ ہوں۔




شکل نمبر 6.4 متوسط ویب سائٹ

## ناقص


ناقص ویب سائٹ کی شناخت یہ ہے :

- ویب سائٹ غیر معروف ہو
- ویب سائٹ پر موجود معلومات میں زیادہ تر قیاس کیا گیا ہو۔
- دی گئی معلومات یا کوائف کے حوالہ جات کا ذکر نہ کیا گیا ہو۔
- ویب سائٹ کا انتظامی پس منظر نہ بتایا گیا ہو۔
- ویب سائٹ پر دستیاب مواد میں املا، گرامر یا ٹائپنگ کی غلطیاں جا بجا نظر آئیں۔

- ویب سائٹ کی تازہ کاری نہ کی جا رہی ہو۔
- معلومات تعصبانہ یا محض ذاتی آرا پر مبنی ہوں۔




شکل نمبر 5۔6 ناقص ویب سائٹ کی مثال




شکل نمبر 6.6 ناقص ویب سائٹ

مثال کے طور پر اگر ہم علامہ اقبال کے بارے میں تلاش کررہے ہوں اور مندرجہ بالا سائٹیں ظاہر ہوں تو ان میں مستند ویب سائٹ شکل نمبر 6.3 (الف اور ب) میں دکھائی گئی ہے۔ جس میں اس کے تمام مشمولات کو نشان زد کیا گیا ہے۔ متوسط ویب سائٹ کی بصری مثال کے لیے شکل نمبر 6.4 ملاحظہ کریں۔ اسی طرح ناقص ویب سائٹ کی مثال شکل نمبر 6.5 اور شکل نمبر 6.6 میں دیکھیں۔

# مشق

آپ SeaMonkey براوزر کے تربیتی کتابچے کا چھٹا سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٗر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٗر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٗبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو پانچ کثیرالانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیرالانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- کسی بھی ویب سائٹ کا معیار جانچنے کے لیے کتنے درجات مقرر ہیں؟

(ا)- ایک

(ب)- دوٗ

(ج)- تین

(د)- چار

(2)- مستند حیثیت کی حامل ویب سائٹ

(ا)- صرف تصاوٗیر پر مبنی ہوتی ہے

(ب)- متعلقہ معلومات کے ساتھ حوالہ جات پر مبنی ہوتی ہے

(ج)- قابل ترمیم ہوتی ہے

(د)- بیک وٗقت تمام ویب مشمولات پر مبنی ہوتی ہے

(3)- ناقص ویب سائٹ پر

(ا)- متن مختصر مگر جامع ہوتا ہے

(ب)- منتظم کا پتہ رابطے کا نمبر دستیاب نہیں ہوتا

(ج)- معلومات تمام حوالہ جات کے ساتھ دستیاب ہوتی ہے

(د)- دستیاب معلومات چھاپی نہیں جاسکتیں

(4)- متوسط ویب سائٹ میں

(ا)- معلومات بے حد طویل ہونا لازمی ہے

(ب)- متعلقہ وغیر متعلقہ دونوں قسم کی معلومات دستیاب ہوتی ہیں

(ج)- تصاویر اور متن دونوں لازمی دستیاب ہوتے ہیں

(د)- معلومات چھاپنے کا اختیار نہیں دیا جاتا

(5)- فورم، بلاگز اور وکی پیڈیا پر دستیاب معلومات

(ا)- بے حد مستند ہوتی ہیں

(ب)- انتہائی ناقص ہوتی ہیں

(ج)- اپنی مرضی سے ترمیم کی جاسکتی ہیں

(د)- ادبیگی کیے بنا استعمال نہیں کی جاسکتیں

عملی کام

1- مندرجہ ذیل یوآرایل کی ویب سائٹیں نظارہ کریں اور ان کے درجات مقرر کریں کہ ان میں سے کون سی ویب سائٹ

مستند، ناقص یا متوسط حیثیت کی حامل ہے؟

1- www.wikipedia.com

2- www.patrasbokhari.com

3- www.ipaki.com

4- www.urduplace.com

جوابات کثیرالانتخابی سوالات

1- ج، 2- ب، 3- ب، 4- ب، 5- ج

جوابات عملی کام

1- صارف کی خود سے تخلیق کی ہوئی ویب سائٹ ہے جس کو متوسط درجے میں شامل کیا جاتا ہے، کیونکہ ایسی ویب سائٹ پر موجود مواد مفید بھی ہوسکتا ہے لیکن اس کا حوالہ موجود نہیں ہوتا۔

2- مستند ویب سائٹ ہے کیونکہ جس مصنف کی تصانیف شامل کی گئی ہیں اس کا حوالہ بھی دیا گیا ہے، انتظامی پس منظر بھی دستیاب ہے اوَر منتظم سے رابطہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

3- متوسط درجے کی ویب سائٹ ہے، معلومات مفید ہیں لیکن مکمل نہیں ہیں جیسے علامہ اقبال کی مکمل شاعری نہیں ہے اوَر مختلف موضوع پر معلومات کے حوالے نہیں دیے گئے، رابطے کے لیے ای میل کی سہولت موجود ہے۔

4- ناقص ویب سائٹ ہے کیونکہ معلومات کا حوالہ نہیں دیا گیا، انتظامی پس منظر کے بارے میں نہیں بتایا گیا اوَر نہ ہی رابطے کے لیے کوئی فون نمبر یا ای میل پتہ دستیاب ہے۔

# ۷- نشانیاں

اگر آپ کسی کتاب کا مطالعہ کر رہے ہوں اور اچانک کوئی مہمان آجائے تو ظاہر ہے کہ آپ مطالعہ جاری نہیں رکھ سکیں گے۔ ایسی صورت میں آپ یقیناً اس صفحے پر کوئی نشانی لگا دیں گے جو آپ پڑھ رہے تھے تاکہ فراغت میں دوبارہ وہیں سے شروع کر سکیں جہاں سے آپ کا ربط ٹوٹا تھا۔ بالکل اسی طرح کسی ویب صفحے پر نشانی لگائی جا سکتی ہے۔

## 7.1 نشانیوں کا استعمال اور فوائد

- آپ کو کسی وجہ سے ویب سائٹ بند کرنی ہو تو ایسی صورت میں آپ اس سائٹ کا یوآرایل یاد رکھنا چاہیں گے لیکن ہر ویب سائٹ کا یوآرایل یاد رکھنا چونکہ ممکن نہیں ہوتا اس لیے SeaMonkey Navigator میں آپ متعدد ویب سائٹوں کو نشان زد کر سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کو بار بار اس ویب سائٹ کا یوآرایل ٹائپ نہیں کرنا پڑے گا۔
- اگر آپ نے استاد کی طرف سے تفویض کردہ کام یا اسائنمنٹ بناتے ہوئے کوئی ویب صفحات نشان زد کیا ہو تو آپ کافی عرصہ گزرنے کے بعد بھی ان نشانیوں کی بدولت نشان زدہ ویب صفحات تفصیل سے دیکھ سکتے ہیں۔
- کسی خاص مضمون سے متعلقہ ویب سائٹوں کو نشان زد کر سکتے ہیں اور کبھی ان ویب سائٹوں سے دوبارہ بھی مدد لے سکتے ہیں۔

## 7.2- نشانی لگانا

کوئی ویب صفحہ نشان زد کرنے کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:

- Navigator میں کھلے ہوئے ویب صفحے کے بالا پر Navigator مینیو بار پر موجود "نشانیاں" پر کلک کریں۔
- ایک مینیو کھل جانے پر اس میں موجود "یہ صفحہ نشان زد کریں" پر کلک کریں۔ آپ کا موجودہ صفحہ نشان زد ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 7.1 دیکھیں۔




شکل نمبر7.1 نشانی لگانا

اب اگر آپ یہ نشان زد کیا گیا صفحہ نظارہ کرنا چاہیں تو

- Navigator آغاز کریں۔
- Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "نشانیاں" پر کلک کریں۔
- ایک مینیو کھل جانے پر اس میں نشان زد کیے گئے صفحے کا ربط موجود ہو گا۔
- اس ربط پر کلک کرنے سے آپ کا مطلوبہ صفحہ کھل جائے گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 7.2 دیکھیں۔




شکل نمبر 7.2 نشان زدہ صفحہ نظارہ کرنا

## 7.3 - زمرہ بندی کے ذریعے نشانیاں بندوبست کرنا

SeaMonkey Navigator آپ کو نشانیاں بندوبست کرنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔ اس میں آپ اپنی نشان زدہ ویب

سائٹوں کو ان کے عنوان اور قسم کے لحاظ سے الگ الگ پوشوں میں محفوظ کر سکتے ہیں۔ آپ ان نشانیوں کو اپنی آسانی کے لیے نیا نام بھی دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان نشانیوں کو حذف بھی کیا جا سکتا ہے۔ نشانیاں بندوبست کرنے میں، نشانیاں حذف کرنا ان کو نیا نام دینا اور ان کی زمرہ بندی کرنا شامل ہے۔ اب ہم یہ تمام مراحل بندوبست کرنا سیکھیں گے۔

## 7.3.1- نشانیاں حذف کرنا

اگر آپ کوئی ویب صفحہ حذف کرنا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں۔

- SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔
- Navigator کے بالا پر مینیو بار میں موجود "نشانیاں مینیو" پر کلک کر کے مینیو کھولیں۔
- اب اس مینیو میں آپ جو نشانی حذف کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر ماؤس سے دایاں کلک کریں۔
- آپ کے سامنے ایک ذیلی مینیو کھل جائے گا۔
- اس مینیو میں "حذف کریں" پر کلک کرنے سے مطلوبہ نشانی حذف ہو جائے گی۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 7.3 دیکھیں۔





شکل نمبر 7.3 نشانی حذف کرنا

## 7.3.2- نشانی کو نیا نام دینا

SeaMonkey Navigator میں آپ نشان زدہ ویب سائٹ کو اپنی پسند سے نیا نام بھی دے سکتے ہیں۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ اگر آپ کے پاس بہت سی نشانیاں ہوں اور یوآرایل یا ربط سے شناخت کرنا ممکن نہ ہو تو آپ اپنی پسند سے دیے گئے ناموں سے انھیں آسانی سے شناخت کرسکتے ہیں۔ اس طرح آپ وقت کے ضیاع اور ذہنی کوفت دونوں سے بچ سکتے ہیں۔ ویب سائٹ کو نیا نام دینے کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:

- SeaMonkey Navigator آغاز کریں
- اس کے بالا پر مینیو بار میں "نشانیاں مینیو" پر کریں۔
- "نشانیاں" مینیو کھلنے پر اس میں کسی بھی نشان زدہ ویب سائٹ کے ربط پر دایاں کلک کریں۔

- اب ایک ذیلی مینیو کھلنے پر اس میں "نیا نام دیں" اختیار پر کلک کریں۔ جیسا کہ شکل نمبر 7.4 میں دکھایا گیا ہے۔



شکل نمبر7.4 نشانی کو نیا نام دینا

- اب آپ کی کمپیوٹر سکرین پر ایک مکالمہ خانہ کھل جائے گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر7.5 دیکھیں۔

شکل نمبر7.5 مکالمہ خانہ کی نام بار میں نام ٹائپ کرنا

- اس مکالمہ خانے میں موجود 'نام' متن خانہ میں اپنی پسند سے کوئی بھی نام ٹائپ کریں اور 'ٹھیک ہے' پر کلک کریں۔

اب آپ جب بھی 'نشانیاں' مینیو کھولیں گے مینیو میں یوآرایل کے بجائے آپ کا ٹائپ کردہ نام ظاہر ہو گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر7.6 دیکھیں۔




شکل نمبر7.6 ٹائپ کردہ نام کا نظارہ

## 7.2.3 - زمرہ بندی

Navigator میں موجود نشانیوں کے مختلف زمرے بھی بنائے جاسکتے ہیں۔ جس سے ایک جیسی ویب سائٹوں کو ایک

پوشے میں رکھا جاسکتا ہے۔ اس سے نشانیاں منظم حالت میں نظر آئیں گی اور ان نشانیوں کو باآسانی تلاش کر کے نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ نشانیاں مندرجہ ذیل طریقے سے زمرہ بندی کی جاسکتی ہیں۔

پوشہ بنائیں:


- سب سے پہلے Navigator کھول کر "نشانیاں" مینیو کھولیں۔
- اس میں "نشانیاں بندوبست کریں" پر کلک کریں۔ مثلاً شکل نمبر 7.7 دیکھیں۔




شکل نمبر 7.7 نشانیاں بندوبست کرنا

- آپ کے سامنے "نشانی مینیجر دریچہ" کھل جائے گا۔ جیساکہ شکل نمبر 8۔س میں دکھایا گیا ہے۔

سـ۔ نشانیاں




شکل نمبر 7.8 نشانی مینیجر

• "نشانی مینیجر" کے بالا پر موجود مینیو بار میں "مسل" پر کلک کریں تو ایک مینیو کھلے گا۔

• اس مینیو میں "نیا" پر کلک کرنے سے جو ذیلی مینیو کھلے گا اس میں "پوشہ" پر کلک کریں۔ جیسا کہ شکل نمبر 7.9 میں نشان زد کیا گیا ہے۔




شکل نمبر 67.9یا پوشہ6نانے کا اختیار

- اب شکل نمبر 7.10 میں دی گئی بصری مثال کے مطابق نام بار میں اپنی پسند سے پوشے کا کوئی بھی نام ٹائپ کریں۔




شکل نمبر 7.10 پوشے کو نام دینا اور تصریحاً لکھنا

• 'تصریح' متن خانے میں اس پوشے کے بارے میں تصریحاً کچھ لکھیں جس سے آپ کو یاد رہے کہ اس پوشے میں موجود ویب سائٹیں کس زمرے میں آتی ہیں۔

• اب "ٹھیک ہے" پر کلک کریں۔


ویب سائٹوں کو پوشے میں رکھیں:

• اگلا مرحلہ نشان زدہ ویب سائٹوں کو اس پوشے میں رکھنا ہے۔ اس کے لیے آپ 'نشانی مینیجر' کے 'نام' کالم میں مطلوبہ ویب سائٹ پر ماؤس کا تیر رکھ کر ماؤس کا بایاں بٹن دبائیں لیکن اسے چھوڑے بغیر گھسیٹ کر پوشے پر لا کر بٹن چھوڑ دیں۔

• آپ کی مطلوبہ ویب سائٹ آپ کے بنائے ہو پوشے میں محفوظ ہو جائے گی۔


یا

- ویب سائٹ پوشے میں محفوظ کرنے کا دوسرا اور نسبتاً آسان طریقہ یہ ہے کہ 'نشانی مینیجر' کے "نام" کالم میں مطلوبہ ویب سائٹ پر ماؤس سے دایاں کلک کریں۔
- اب آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔ اس مینیو میں "کاٹیں" پر کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 7.11 دیکھیں۔




شکل نمبر 7.11 نشانیاں پوشے میں منتقل کرنا

• اب پوشے پر دایاں کلک کرنے سے جو مینیو کھلے گا اس میں "جوڑیں" پر کلک کرنے سے مطلوبہ ویب سائٹ آپ کے بنائے ہوئے پوشے میں منتقل ہو جائے گی۔ مثلاً شکل نمبر 7.12 دیکھیں۔




شکل نمبر 7.12 نشانیاں پوشے میں منتقل کرنا

# مشق

آپ SeaMonkey براوزر کے تربیتی کتابچے کا ساتواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے پہلے حصے میں آپ کو تین کثیرالانتخابی سوالات اور تین فقرات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں اور فقرات میں سے غلط، درست فقرات کی شناخت کریں۔ کثیرالانتخابی سوالات اور فقرات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- کسی ویب سائٹ کو نشانی لگانے کا فائدہ یہ ہے کہ:

(ا)- بار بار اس ویب سائٹ کا یوآرایل ٹائپ نہیں کرنا پڑتا

(ب)- اس ویب سائٹ کا کوئی بھی صفحہ خود بخود ٹائپ کیا جاسکتا ہے

(ج)- ویب سائٹ کی تمام معلومات اپنے نام سے استعمال کی جاسکتی ہیں

(د)- ویب سائٹ پر اپنی تحریریں بھیجی جاسکتی ہیں

(2)- نشانیاں کا بندوبست کرنے کے ذریعے

(ا)- نشانیاں حذف کی جاسکتی ہیں

(ب)- نشانیاں چھاپی جاسکتی ہیں

(ج)- نشانیوں میں کوئی بھی متن ٹائپ کیا جاسکتا ہے

(د)- کمپیوٹر کی رفتار بڑھائی جاسکتی ہے

(3)۔ کوئی بھی صفحہ نشان زد کرنے کے لیے

(ا)۔ 'مسل' مینیو پر کلک کریں

(ب)۔ 'ٹول' مینیو پر کلک کریں

(ج)۔ 'تدوین' مینیو پر کلک کریں

(د)۔ 'نشانیاں' مینیو پر کلک کریں

مندرجہ ذیل فقرات میں سے درست اور غلط کی نشاندہی کریں درست فقرات کے سامنے ✓ اور غلط فقرات کے سامنے X کا نشان لگائیں۔

1۔ SeaMonkey Navigator میں متعدد ویب سائٹیں بطور نشانی محفوظ کی جاسکتی ہیں

2۔ SeaMonkey Navigator میں نشان زد کی گئی ویب سائٹیں الگ الگ پوشوں میں نہیں رکھی جاسکتیں

3۔ ویب سائٹوں کو پوشے میں رکھنا لازمی ہوتا ہے

عملی کام

1۔ مندرجہ ذیل ویب سائٹوں کو نشانی لگائیں۔

www.jang.com.pk

www.patrasbokhari.com

www.nawaiwaqt.com.pk

2۔ مندرجہ بالا ویب سائٹوں کو نشانی لگاکر الگ پوشے میں محفوظ کریں اور پوشے کو یا نام دیں۔

www.express.com.pk

www.akhbar-e-jehan.com.pk

جوابات

1-ا، 2-ا، 3-د

درست اور غلط فقرات کے جوابات

1-درست 2-غلط 3-غلط

# 8- مطلوبہ کوائف / معلومات چھاپنا اوَر محفوظ کرنا

جب آپ کو کسی ویب سائٹ پر اپنی مطلوبہ معلومات یا کوائف حاصل ہو جاتے ہیں تو انھیں آن لائن مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ چھاپا اوَر محفوظ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح ان معلومات کو کبھی بھی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

## 8.1- چھپائی

چھپائی کرنے سے مراد دراصل کوائف کو کتاب کے صفحات کی مانند حاصل کرنا ہے۔ جس طرح ہم کتاب کو کبھی بھی کہیں بھی بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں اسی طرح چھاپے ہوئے صفحات کو بھی کتاب کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔ معلومات یا کوائف کو چھاپنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر کبھی عارضی طور پر انٹرنیٹ کی فراہمی منقطع ہو جائے تو چھاپی ہوئی معلومات سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ چھپائی کرنے کے لیے کمپیوٹر اوَر اوَر انٹرنیٹ کے ساتھ ساتھ پرنٹر کا ہونا بھی لازمی ہے۔ پرنٹر ایک ایسی ایجاد ہے جس سے آپ اپنی معلومات فوراً چھاپ کر استعمال کر سکتے ہیں۔

### 8.1.1- مطلوبہ معلومات / کوائف چھاپنا


اگر آپ اس وَقت کوئی ویب صفحہ کھولے بیٹھے ہیں تو اپنی مطلوبہ معلومات چھاپنے کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل مراحل سرانجام دینے ہوں گے:

- مطلوبہ معلومات صفحہ ظاہر ہونے پر Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "مسل" پر کلک کریں۔
- اب ایک مینیو کھلے گا اس میں "چھاپیں" کلک کریں جیسی کہ شکل نمبر 8.1 میں دکھایا گیا ہے۔
- "چھاپیں" کلک کرنے سے آپ کے سامنے ایک "Print / پرنٹ مینیجر" مکالمہ خانہ ظاہر ہو گا۔ جیسا کہ شکل نمبر 8.2 میں دکھایا گیا ہے۔
- اس 'مکالمہ خانے' پر موجود نشان زد کی گئی ڈراپ ڈاؤن فہرست میں دیے گئے پرنٹر ناموں میں سے اپنا متعلقہ پرنٹر منتخب کریں۔

- اب اسی 'مکالمہ خانے' میں دیے گئے طومار خانے میں 'نقول کی تعداد/ Number of Copies' متعین کریں، آپ اس میں تعداد خود بھی ٹائپ کرسکتے ہیں۔
- تعداد ٹائپ کرنے کے بعد اسی 'مکالمہ خانے' کے پایان پر موجود OK پر کلک کرنے سے پرنٹر میں سے مطلوبہ صفحے کا پرنٹ نکل آئے گا۔



شکل نمبر 8.1 معلومات چھاپنا




شکل نمبر 8.2 پرنٹ مینیجر مکالمہ خانہ

## 8.1.2 - پیش نظارہ کرنا

- آپ کوئی بھی صفحہ چھاپنے سے قبل اس صفحے کا پیش نظارہ کر سکتے ہیں یعنی یہ دیکھ سکتے ہیں کہ چھپنے کے

بعد صفحے کا نظارہ کیسا ہوگا۔

- اس کے لیے آپ Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "مسل" پر کلک کریں۔
- مینیو کھل جانے پر اس مینیو میں "چھپائی پیش نظارہ" پر کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 8.3 دیکھیں۔



شکل نمبر 8.3 پیش نظارہ کرنا

- چھپائی پیش نظارہ کلک کرنے پر اس صفحے کا پیش نظارہ ایک الگ دریچے میں آپ کے سامنے ظاہر ہو گا۔
- اس دریچے کو بند کرنے کے لیے اس کے بالا پر موجود مینیو بار پر "بند کریں" کلک کریں۔ جیسا کہ شکل نمبر 8.4 میں نشان زد کیا گیا ہے۔




شکل نمبر 8.4 پیش نظارہ دریچہ بند کرنا

### 8.1.3- پرنٹ ورژن (Print version)

بعض اوقات اگر آپ کوئی ویب سائٹ نظارہ کریں تو آپ کو اس ویب سائٹ میں پرنٹ کا اختیار نظر آتا ہے۔ یہ اختیار دراصل اس صفحے پر موجود غیر ضروری اشیا مثلاً اشتہارات اور نقوش وغیرہ کو ہٹا کر صرف ضروری مواد کی چھپائی ممکن بنانے کے لیے ہوتا ہے کیوں کہ ایک ویب سائٹ پر مواد کے ساتھ ساتھ اشتہارات، پوپ اپ دریچے اور دیگر غیر ضروری مشمولات بھی موجود ہوتے ہیں جو بعض اوقات صفحے کی خوبصورتی اور اکثر اوقات مصنوعات کی تشہیر کے لیے دیے جاتے ہیں لیکن یہ مشمولات ہمیں چھپائی میں ہرگز درکار نہیں ہوتے۔ ایسی صورت میں ویب سائٹ پر دستیاب 'پرنٹ' کا اختیار

ہماری مدد کرتا ہے اوٗر تمام غیر ضروری مشمولات چھانٹ کر کے اصل مواد چھپائی کے لیے تیار کرتا ہے، مثال کے طور پر شکل نمبر 8.5۔




شکل نمبر 8.5: ویب صفحے کے ذریعے چھاپنا

- ویب صفحے پر دیے گئے Print کے اختیار پر کلک کرنے پر اس صفحے کا پیش نظارہ ایک الگ دریچے میں آپ کے سامنے ظاہر ہوگا، شکل نمبر 8.6 میں دکھائے جانے والے پیش نظارے میں صرف ضروری متن ہی ہے۔ ساتھ ہی شکل نمبر 8.2 میں دکھایا گیا Print مکالمہ خانہ کھل جائے گا۔




BBC URDU.com

Friday, 27 June, 2008, 22:25 GMT 03:25 PST

مریخ کی مٹی پر 'حیات مُمکن'

مریخ کی سطح پر مٹی میں بظاہر ایسے اجزاء ضروری مقدار میں موجود ہیں جن سے زندگی کی نشو نما ہو سکے. ناسا کے سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ کم سے کم ایسپیراگس (موصلی سفید) تو شاید اس مٹی میں بچ جائے گا.

فینکس مارز لینڈر مشن کی ابتدائی تحقیق سے معلوم ہوا ہے مریخ کی مٹی میں القلی کی شرح ماہرین کے اندازے سے زیادہ ہے. سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ وہ ان نتائج سے حیرت زدہ رہ گئے ہیں.

تازہ ترین تحقیق سے مریخ پر زندگی کے لیے سازگار حالات کی موجودگی کے امکان کی امیدیں بڑھ گئی ہیں.

جامعۂ ایریزونا کے سیم کوناویز نے جو اس منصوبے کے چیف کیمیادان ہیں کہا کہ 'ہمیں بنیادی طور پر ایسے عناصر ملے ہیں جو ماضی، حال یا مستقبل میں زندگی کی بقاء کے لیے ناگزیر ہیں'.

انہوں نے کہا کہ مٹی کے نمونوں پر مزید تجربات کرنے پڑیں گے لیکن یہ 'بہت سازگار ہے.... اور اس میں کوئی زہریلی خصوصیت نہیں ہے'.

انہوں نے کہا کہ یہ اس طرح کی مٹی ہے جو آپ کو گھر کے پچھواڑے میں مل سکتی ہے. مٹی میں نہ صرف تیزابیت اندازے سے کم ہے بلکہ اس میں میگنیشیم، سوڈیم، پوٹیشیم اور دیگر عناصر کے آثار موجود ہیں.

مریخ کی مٹی کے بارے میں اس رپورٹ کی بنیاد مارز لینڈر کے مشینی بازو سے سیارے کی سطح سے ڈھائی سنٹی میٹر نیچے سے حاصل کی گئی ایک مکعب سنٹی میٹر مٹی ہے. اس مٹی کو پھر زمین سے بھیجے گئے پانی میں ملا کر خلائی مشین کے آٹھ میں سے ایک اوون میں گرم کیا گیا.



شکل نمبر 8.6 پیش نظارہ (غیر ضروری مشمولات کے بغیر)

- (اگر Print پر کلک کرنے سے print مکالمہ خانہ نہ کھلے تو ٹول بار پر موجود اختیار "چھاپیں" پر کلک کریں۔) اس مکالمہ خانے پر موجود نشان زد کی گئی ڈراپ ڈاؤن فہرست میں دیے گئے پرنٹر ناموں میں سے اپنا متعلقہ پرنٹر منتخب کریں۔
- اب اسی مکالمہ خانے میں دیے گئے طومار خانے میں 'نقول کی تعداد / Number of Copies' متعین کریں، آپ اس میں تعداد خود بھی ٹائپ کرسکتے ہیں۔
- تعداد ٹائپ کرنے کے بعد اسی مکالمہ خانے کے پایان پر موجود OK پر کلک کرنے سے پرنٹر میں سے مطلوبہ صفحے کا پرنٹ نکل آئے گا۔

## 8.2۔ کوائف / معلومات محفوظ کرنا

"کوائف چھاپنا" سیکھنے کے بعد اب ہم کوائف کمپیوٹر میں ہی کسی پوشے میں محفوظ کرنا سیکھیں گے۔ اس طرح بار بار یو آر ایل ٹائپ کر کے نیوی گیٹ نہیں کرنا پڑے گا۔ مندرجہ ذیل مراحل سرانجام دینے سے کوائف محفوظ کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ اس وقت کوئی ویب صفحہ کھولے بیٹھے ہیں تو اپنی مطلوبہ معلومات / کوائف محفوظ کرنے کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل مراحل سرانجام دینے ہوں گے:


- مطلوبہ معلومات صفحہ ظاہر ہونے پر Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "مسل" پر کلک کریں۔
- "مسل" کے تحت ایک مینیو کھلنے پر اس میں موجود "صفحہ محفوظ کریں بطور" پر ماؤس سے کلک کریں۔ جیسا کہ شکل نمبر 8.7 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 8.7 صفحہ محفوظ کرنا

- اب آپ کے سامنے 'محفوظ کریں بطور' مکالمہ خانہ ظاہر ہو جائے گا۔ Save in ڈراپ ڈاؤن فہرست میں سے 'My Computer' منتخب کریں۔ آپ کے کمپیوٹر کی سکرین پر کمپیوٹر کی تمام ڈرائیوں ظاہر ہو جائیں گی۔
- اب آپ جس ڈرائیو میں صفحہ محفوظ کرنا چاہتے ہیں، اس پر ڈبل کلک کریں۔

- اس ڈرائیو کے تمام پوشے ظاہر ہونے پر اپنے مطلوبہ پوشے پر ڈبل کلک کریں۔
- مطلوبہ پوشہ مکالمہ خانے میں کھل جائے گا۔ اس پوشے میں "File Name" متن خانے میں کوئی بھی نام ٹائپ کریں۔
- اب "Save as type" ڈراپ ڈاؤن فہرست میں "ویب صفحہ مکمل" منتخب کریں اور مکالمہ خانے کے پایان پر دیے گئے "Save" پر کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 8.8 دیکھیں۔
- آپ کا صفحہ کامیابی کے ساتھ محفوظ ہو جائے گا۔




شکل نمبر 8.8 "محفوظ کریں بطور" مکالمہ خانہ

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا آٹھواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٗر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٗر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٗبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو چار کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیر الانتخابی سوالات کے درست جوابات کتابچے کے آخر میں دیکھیں۔

(1)- کسی بھی ویب سائٹ سے مطلوبہ معلومات چھاپنے کے لیے کیا کیا درکار ہوتا ہے؟

(ا)- کمپیوٹر اوٗر انٹرنیٹ

(ب)- کمپیوٹر

(ج)- کمپیوٹر انٹرنیٹ اوٗر پرنٹر

(د)- انٹرنیٹ، ٹیلی وژن اوٗر پرنٹر

(2)- ویب سائٹ پر موجود کوائف اوٗر معلومات کو

(ا)- صرف چھاپا جاسکتا ہے لیکن محفوظ نہیں کیا جاسکتا

(ب)- صرف محفوظ کیا جاسکتا ہے

(ج)- چھاپا اوٗر محفوظ کیا جاسکتا ہے

(د)- مندرجہ بالا تینوں جوابات میں سے کوئی بھی درست نہیں

(3)- کسی بھی ویب سائٹ پر موجود معلومات

(ا)- صرف ڈیسک ٹاپ پر محفوظ کی جا سکتی ہیں

(ب)- کمپیوٹر میں موجود کسی بھی پوشے میں محفوظ کیا جا سکتا ہے

(ج)- صرف 'Recycle Bin' میں محفوظ کی جا سکتی ہیں

(د)- صرف 'My Documents' میں محفوظ کی جا سکتی ہیں

(4)- کوئی بھی صفحہ چھاپنے سے قبل اس کا پیش نظارہ کرنے کے لیے

(ا)- 'ٹول' مینیو پر کلک کریں

(ب)- 'دریچہ' مینیو پر کلک کریں

(ج)- کھلی ہوئی ویب سائٹ بند کردیں

(د)- 'مسل' مینیو پر کلک کریں

عملی کام

1- www.urducl.com یوآرایل ٹائپ کرکے یہ ویب سائٹ کھولیں اور اس میں سے کوئی بھی صفحہ چھاپیں۔

2- www.jang.com.pk ویب سائٹ کھولیں اور اس میں دستیاب کوئی بھی مفید معلومات کسی بھی پوشے میں محفوظ کریں۔

جوابات

1- ج، 2- ج، 3- ب، 4- د

# 9- اہم معلوماتی، ادبی اور تفریحی ویب سائٹیں

اب آپ کی آسانی کے لیے کچھ اہم اور معروف ویب سائٹوں کے یوآرایل دیے جا رہے ہیں۔ آپ ان ویب سائٹوں کو نظارہ کریں۔ ان سائٹوں پر تمام شعبہ ہائے زندگی سے متعلق مفید معلومات اور تفریحی مواد دستیاب ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ SeaMonkey Navigator کے تربیتی مواد میں تمام بصری مثالیں مندرجہ ذیل ویب سائٹوں سے لی گئی ہیں۔

## 9.1- خبروں کی ویب سائٹیں

ذیل میں دی گئی تمام ویب سائٹوں پر آپ پاکستان سمیت دنیا بھر سے سیاست، معیشت سائنس، کھیل اور مختلف تفریحی خبریں پڑھ سکتے ہیں۔

### 9.1.1- www.bbcurdu.com

بی بی سی اردو دنیا بھر سے تمام شعبہ ہائے زندگی سے متعلق تازہ ترین خبریں فراہم کرنے والی ایک مستند ویب سائٹ ہے۔ آپ اس ویب سائٹ پر خبریں پڑھنے کے ساتھ ساتھ سن بھی سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں مختلف اہم موقعوں پر ریکارڈ کی گئی ویڈیو ڈاؤن لوڈ کیے بنا ایک پوپ اپ دریچے میں دیکھ سکتے ہیں۔

### 9.1.2- www.geo.tv

"جیو" ایک نجی پاکستانی ٹی وی چینل کی ویب سائٹ ہے۔ اس ویب سائٹ پر پاکستان کی لمحہ لمحہ بدلتی سیاسی، تعلیمی، معاشی صورت حال سے متعلق تازہ ترین خبریں پڑھی جا سکتی ہیں تاہم عالمی سطح پر بھی مختلف شعبہ جات سے متعلق خبریں پڑھی جا سکتی ہیں۔

www.jang.com.pk -9.1.3

"جنگ" پاکستان سے شائع ہونے وَالے اخبار "روٗزنامہ جنگ" کی ویب سائٹ ہے۔ اس ویب سائٹ پر آپ نہ صرف روٗزمرہ شائع ہونے وَالا "روٗزنامہ جنگ" ملاحظہ کر سکتے ہیں بلکہ سابقہ شائع ہونے وَالے "روٗزنامہ جنگ" بھی پڑھ سکتے ہیں۔

www.nawaiwaqt.com.pk -9.1.4

"نوائے وَقت" بھی پاکستان سے شائع ہونے وَالے اخبار کی ویب سائٹ ہے۔ اس ویب سائٹ پر آپ "روٗزنامہ نوائے وَقت" آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔

www.express.com.pk -9.1.5

"ایکسپریس" بھی روٗزنامے کی صورت میںشائع ہونے وَالے اخبار کی ویب سائٹ ہے۔ اس ویب سائٹ کے ذریعے آپ روٗزمرہ ملکی صورت حال سے باخبر رہ سکتے ہیں۔

## 9.2- ادبی، تفریحی اوَر تعلیمی ویب سائٹیں

مندرجہ ذیل دیے گئے تمام یوآرایل ان ویب سائٹوں کے ہیں جہاں آپ کو اردوٗ ادب اوَر دیگر تفریحی موضوعات پر مبنی بھرپور مواد باآسانی دستیاب ہوسکتا ہے۔ آپ ان ویب سائٹوں پر اپنے پسندیدہ مصنف کی کتب آن لائن اوَر مفت مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوَہ مختلف تفریحی موضوعات پر مبنی مواد سے بھی لطف اندوٗز ہوسکتے ہیں۔

www.patrasbokhari.com -9.2.1

"پطرس بخاری" اردوٗ کے ایک مشہور وَ معروَف ادیب ہیں۔ جنھوں نے اردوٗ ادب کے مختلف شعبوں میں قابل قدر تصنیفات تخلیق کیں۔ مذکورہ ویب سائٹ پر "پطرس بخاری" کے شاہکار اوَر معروَف فن پارے دستیاب ہیں۔ آپ آن لائن انھیں پڑھ سکتے ہیں۔

### www.kitaabghar.com -9.2.2

کتاب گھر ایک مکمل معلوماتی، تفریحی اور مفید ویب سائٹ ہے۔ یہاں مختلف شعبہ ہائے زندگی مثلاً ادب، مزاح، اسلام، سائنس اور دیگر شعبوں سے متعلق بہت سا تخلیقی مواد ملتا ہے۔ اردو ادب کی بہترین کتابیں آن لائن پڑھی جاسکتی ہیں نیز انہیں ڈاؤن لوڈ بھی کیا جاسکتا ہے۔

### www.urducl.com -9.2.3

اردو سائبر لائبریری، پر کتب کا ایک وسیع ذخیرہ دستیاب ہے۔ خصوصاً علامہ اقبال کی تخلیقات اور حیات پر بہت سی کتب اور تحقیقی تخلیقات آن لائن دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ دیگر موضوعات پر معروف مصنفین کی تصنیفات بھی موجود ہیں۔ یہ ویب سائٹ ہر عمر کے افراد کے لیے یکساں مفید اور دلچسپ ہے۔

### www.akhbar-e-jehan.com.pk -9.2.4

"اخبار جہاں" پاکستان میں شائع ہونے والا اردو ہفت روزہ ہے۔ جس میں ہفتہ بھر کی سیاسی، تعلیمی، معاشی، معاشرتی اور شوبز سے متعلق خبریں تفصیل سے شائع ہوتی ہیں۔ نیز مختلف خبروں پر تبصرے، مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات کے انٹرویو، شاعری، بچوں کے لیے کہانیاں اور دیگر دلچسپ سلسلے بھی اس ہفت روزے میں شائع ہوتا ہے۔ اخبار جہاں کی ویب سائٹ پر آپ نہ صرف ہر ہفتے تازہ شمارہ پڑھ سکتے ہیں بلکہ پچھلے شمارے بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

### www.urdufun.com -9.2.5

اس ویب سائٹ پر اسلام، شاعری، صحت کے علاوہ موبائل کی قیمتوں سے متعلق معلومات دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں انفارمیشن ٹیکنالوجی، اور ویزا کی معلومات بھی موجود ہیں۔

# 10- براوزر سیٹنگیں


اب ہم SeaMonkey Navigator کی ابتدائی سیٹنگوں سے متعلق سیکھیں گے۔

## 10.1- ابتدائی صفحہ سیٹ اور تبدیل کرنا

ابتدائی صفحے سے متعلق ہم تیسرے باب میں جان چکے ہیں کہ اس سے مراد کوئی ایسا ویب صفحہ ہے جو Navigator آغاز ہوتے ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اکثر اوقات روزمرہ کثرت سے نظارہ کیا جانے والا صفحہ بطور ابتدائی صفحہ سیٹ کیا جاتا ہے، لیکن یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کس ویب سائٹ کو بطور ابتدائی صفحہ سیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً خبروں کی کوئی ویب سائٹ یا آپ کے ای میل اکاؤنٹ کا صفحہ وغیرہ۔ SeaMonkey Navigator پر ابتدائی صفحہ سیٹ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل مراحل سرانجام دیے جاتے ہیں:


- اگر آپ نے SeaMonkey Navigator پر کوئی ویب سائٹ نہیں کھولی ہوئی تو سب سے پہلے SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔ اب Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "تدوین" پر کلک کریں۔
- آپ کے سامنے "تدوین" مینیو کھل جائے گا۔

• اس مینیو میں "ترجیحات" پر کلک کریں جیسا کہ شکل نمبر 10.1 میں نشان زد کیا گیا ہے۔





شکل نمبر 10.1 ابتدائی صفحہ سیٹ کرنا

•ترجیحات پر کلک کرنے سے آپ کے سامنے "ترجیحات" مکالمہ خانہ کھل جائے گا جیساکہ شکل نمبر 2-10 میں دکھایا گیا ہے۔





شکل نمبر10.2 ترجیحات دریچہ

• اس مکالمہ خانے میں ابتدائی صفحے کے زیر تحت " محل وقوع " متن خانے میں اپنی مرضی سے کوئی بھی یو آر ایل ٹائپ کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 10.3 دیکھیں۔




شکل نمبر 10.3 ابتدائی صفحے کے لیے یو آر ایل ٹائپ کرنا



## 10.2 - اہم سیٹنگیں

اب ہم سابقات، کیسہ اور کوکیوں کی سیٹنگوں کے بارے میں سیکھیں گے۔

### 10.2.1 سابقات

جو ویب سائٹیں آپ براؤز کرتے ہیں، ان ویب صفحوں کے ویب پتوں کی ایک فہرست seamonkey Navigator، کمپیوٹر پر محفوظ کرتا ہے۔ اس فہرست کو سابقات کہا جاتا ہے۔

### 10.2.2 سابقات حذف کرنا


سابقہ براؤز کی گئی ویب سائیٹوں اور ویب صفحوں کے روابط کو مندرجہ ذیل طریقے سے حذف کیا جاتا ہے۔

- سب سے پہلے اپنا SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔
- Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "جائیں" پر ماؤس سے کلک کریں۔
- آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔ جیساکہ شکل نمبر 5-10 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 10.5 سابقات حذف کرنے کا ابتدائی مرحلہ


- اس مینیو میں "سابقات" پر کلک کرنے سے آپ کے Navigator پر سابقات دریچہ ظاہر ہوگا۔ جیسا کہ شکل نمبر 10۔6 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 10.6 سابقات دریچہ


- اس دریچے میں آپ کی سابقہ ملاحظہ کردہ ویب سائٹوں کے یوآر ایل، ملاحظہ کرنے کا وقت، کتنی بار ملاحظہ کیا گیا اور کس ویب سائٹ کے کس صفحے کو ملاحظہ کیا گیا، یہ سب محفوظ ہے۔

- اب آپ ان میں سے جو یوآرایل / روابط حذف کرنا چاہتے ہیں اس پر کلک کرکے اسے منتخب کریں۔ اگر آپ ایک سے زیادہ یوآرایل / روابط حذف کرنا چاہتے ہیں تو اپنے کلیدی تختے پر موجود 'Ctrl' کا بٹن دبائے رکھیں اور مطلوبہ یو آرایل / ربط پر ماؤس سے کلک کرتے ہوئے انہیں منتخب کریں۔
- اب آپ سابقات دریچے کے بالا پر موجود مینیو بار میں "تدوین" پر ماؤس سے کلک کریں۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 10.7 دیکھیں۔




شکل نمبر 10.7 منتخب یوآرایل اور تدوین مینیو پر کلک کرنا

• آپ کے سامنے جو مینیو کھلے گا۔ اس میں "حذف کریں" پر کلک کرنے سے منتخب شدہ سابقات حذف ہو جائیں گے۔ جیساکہ شکل نمبر 10.8 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 10.8 سابقہ ویب سائٹ کا ربط حذف کرنا

## 10.2.3- کیسہ کیا کرتا ہے


کیسہ دراصل عارضی انٹرنیٹ صفحات کو کہا جاتا ہے،جو صفحات آپ براؤز کرتے ہیں،ان کی ایک ایک نقل آپ کے کمپیوٹر کی ہارڈ ڈسک پر محفوظ ہوتی رہتی ہے۔ براوزر ان صفحات کو اکٹھا کرتا ہے ۔ اگر آپ ان صفحات میں سے کسی صفحے کو دوبارہ نظارہ کرنے کے لیے اس کا یو آر ایل ٹائپ کرتے ہیں تو براوزر خود بخود بجائے انٹرنیٹ پر تلاش اور انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے، محفوظ کردہ کیسوں کا استعمال کرتا ہے ۔ اس طرح آپ کا مطلوبہ ویب صفحہ چند لمحوں میں ظاہر ہو جاتا ہے اور آپ کے وقت کی بھی بچت ہوتی ہے ۔ آپ اپنی مرضی سے کیسوں کے لیے جگہ کی مقدار مقرر کر سکتے ہیں ۔ ضرورت پڑنے پر آپ انہیں حذف بھی کر سکتے ہیں ۔

## 10.2.4- کیسہ مسلیں حذف کرنا

کیسے حذف کرنے سے آپ کے براوزر کی رفتار کم ہوجاتی ہے لیکن آپ کی ہارڈ ڈسک پر کافی جگہ بچ جاتی ہے۔ کیسہ مسلوں کو مندرجہ ذیل طریقے سے حذف کیا جاتا ہے۔

- سب سے پہلے SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔اب Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "تدوین" پر کلک کریں۔
- آپ کے سامنے "تدوین" مینیو کھل جائے گا۔
- اس مینیو میں "ترجیحات" پر کلک کریں جیساکہ شکل نمبر10.1 میں نشان زد کیا گیا ہے۔
- ترجیحات پر کلک کرنے سے آپ کے سامنے "ترجیحات" مکالمہ خانہ کھل جائے گا جیساکہ شکل نمبر2 10۔ میں دکھایا گیا ہے۔
- 'زمرہ' میں اعلی کے سامنے + کو نشان پر کلک کریں تو یہ – میں بدل جائے گا اور ایک ذیلی فہرست کھل جائے گی۔ اس فہرست میں 'کیسہ' پر کلک کرنے پر بائیں جانب 'کیسہ' مکالمہ خانہ کھل جائے گا۔ جیساکہ شکل نمبر 10.9 میں دکھایا گیا ہے۔

- شکل نمبر 10.9 کے مطابق 'کیسہ صاف کریں' بٹن پر کلک کریں۔ آپ کے کمپیوٹر پر موجود کیسہ مسلیں حذف ہو جائیں گی۔




شکل نمبر 10.9 کیسہ مسلیں حذف کرنا

## 10.2.5- کوکی (Cookie) اور اس کا فائدہ

اب ہم کوکی سے متعلق پڑھیں گے اور اسے حذف کرنا سیکھیں گے۔ کوکی دراصل آپ کے کمپیوٹر پر ذخیرہ شدہ اس پوشے کو کہتے ہیں جس میں آپ کے بارے میں کچھ معلومات خودبخود ذخیرہ ہوتی ہیں۔ آپ جتنی بار بھی کوئی ویب سائٹ نظارہ کریں گے۔ اس کی تعداد کوکیوں میں محفوظ ہوتی رہے گی کہ آپ نے کتنی بار یہ ویب سائٹ نظارہ کی ہے۔

## 10.2.6- کوکیاں حذف کرنا


آپ اپنے کمپیوٹر سے یہ کوکیاں حذف بھی کر سکتے ہیں۔ اب ہم ان کوکیوں کو حذف کرنا سیکھیں گے۔

- اپنا SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔
- Navigator کے بالا پر موجود مینیو بار میں "ٹول" پر ماؤس سے کلک کریں۔ آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر10۔10 دیکھیں۔



شکل نمبر 10.10 کوکی حذف کرنے کا ابتدائی مرحلہ


- اس مینیو میں "کوکی مینیجر" پر تیر لے جانے سے ایک ذیلی مینیو کھلے گا۔
- اس ذیلی مینیو میں "ذخیرہ شدہ کوکیاں بندوبست کریں" پر کلک کریں۔ جیسا کہ شکل نمبر 11-10 میں دکھایا گیا ہے۔





شکل نمبر 10.11 کوکی مینیجر کھولنا

- اب آپ کے سامنے کوکی مینیجر دریچہ کھل جائے گا۔ جس میں یہ درج ہو گا کہ اس کوکی کا کیا نام ہے اور یہ کس ویب سائٹ سے وابستہ ہے (یعنی کون سی ویب سائٹ نظارہ کرتے ہوئے محفوظ کی گئی ہے)۔

• اس میں جو کوکی آپ حذف کرنا چاہتے ہیں اس پر کلک کر کے اسے منتخب کریں اور دریچے کے پایان پر دائیں طرف "کوکی ہٹائیں" پر کلک کریں۔ آپ کی مطلوبہ کوکی حذف ہو جائے گی۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 12-10 دیکھیں۔



کل نمبر10.12 کوکی حذف کرنے کا حتمی مرحلہ

- اسی طرح تمام کوکیاں حذف کرنے کے لیے "تمام کوکیاں ہٹائیں" پر کلک کریں۔
- آپ کے سامنے ایک پیغام دریچہ ظاہر ہو گا۔ اس پر "ٹھیک ہے" پر کلک کرنے سے تمام کوکیاں حذف ہو جائیں گی۔ مثال کے طور پر شکل نمبر13۔10 دیکھیں۔

شکل نمبر10.13 تمام کوکیاں حذف کرنا

- کوکیاں حذف کرنے کے بعد"6ند کریں" پر کلک کر کے "کوکی مینیجر" دریچہ6ند کر دیں۔

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا دسواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو سات کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیر الانتخابی سوالات کے درست جوابات کتابچے کے آخر میں دیکھیں۔

(1)۔ کیشہ کیا ہوتا ہے؟

(ا)۔ کمپیوٹر سے جڑی ایک سافٹ ویئر ایپلی کیشن

(ب)۔ کمپیوٹر کی کسی ڈرائیو کا نام

(ج)۔ عارضی انٹرنیٹ صفحہ

(د)۔ ابتدائی صفحے کا دوسرا نام

(2)۔ کیشہ مسلیں حذف کرنے سے

(ا)۔ کمپیوٹر خراب ہو سکتا ہے

(ب)۔ براؤزر کی رفتار تیز ہو جاتی ہے

(ج)۔ براؤزر کی رفتار کم ہو جاتی ہے

(د)۔ ڈیسک ٹاپ پر موجود پروگرام خود بخود حذف ہو جاتے ہیں

(3)۔ کیشہ مسلیں حذف کرنے کے لیے

(ا )-'مسل' مینیو پر کلک کریں

(ب )- 'جائیں' مینیو پر کلک کریں

(ج )- 'ٹول' مینیو پر کلک کریں

(د )- 'دریچہ' مینیو پر کلک کریں

(4)- کسی بھی کمپیوٹر میں محفوظ شدہ کوکیاں

(ا )- فائدہ مند ہو سکتی ہیں

(ب )- وَائرس پھیلانے کا سبب بنتی ہیں

(ج )- خود بخود حذف ہو جاتی ہیں

(د )- انٹرنیٹ پر کوئی بھی معلومات چھاپنے کے کام آتی ہیں

(5)- کوکیاں حذف کرنے کے لیے

(ا )- 'مدد' مینیو پر کلک کریں

(ب )- ' مسل' مینیو پر کلک کریں

(ج )- 'تدوین' مینیو پر کلک کریں

(د )- 'ٹول' مینیو پر کلک کریں

(6)- ابتدائی صفحہ

(ا )-SeaMonkey Navigator میں سیٹ کیا جاتا ہے

(ب )- ڈیسک ٹاپ پر سیٹ کیا جاتا ہے

(ج) - کمپیوٹر کے کسی بھی گوشے میں سیٹ کیا جاتا ہے

(د) - اپنے ای میل آمد خانے میں سیٹ کیا جاتا ہے

(7) - ابتدائی صفحہ کب نظر آتا ہے؟

(ا) - جب پہلا Navigator دریچہ کھولیں

(ب) - جب بھی کوئی Navigator دریچہ SeaMonkey Navigator شبیہ، Start مینیو یا سریع چالو سے کھولیں

(ج) - جب صفحہ پھر لوڈ کریں

(د) - جب انٹرنیٹ کنکشن منقطع ہو

## عملی کام

1- مندرجہ ذیل دیے گئے یو آر ایل بالترتیب بطور ابتدائی صفحہ سیٹ اور تبدیل کریں۔

www.urdupoint.com

www.google.com

2- اپنے کمپیوٹر میں محفوظ شدہ کوکیاں حذف کریں۔

## جوابات


1- ج، 2- ج، 3- ب، 4- ا، 5- د، 6- ا، 7- ب

# 11- ازالہ کاری


کوئی بھی کام کرنا یا سیکھنا آغاز کریں تو کبھی کبھی مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگر کبھی کوئی مسئلہ درپیش ہو اور کوئی مدد گار یا رہنمائی کرنے والا میسر نہ ہو تو اپنی مدد آپ کے تحت درپیش مسئلہ حل کرنا ہماری ضرورت ہوتا ہے۔ براوزر کی اس تربیت میں ہم انٹرنیٹ استعمال کرنے کے دوران پیش آنے والے کچھ بنیادی مسائل حل کرنا بھی سیکھیں گے۔

## 11.1- انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال

جس طرح ٹیلی فون استعمال کرنے کے لیے ہمیں ٹیلی فون کنکشن کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ کنکشن کا ہونا لازمی ہے۔ جب آپ انٹرنیٹ استعمال کرنا چاہ رہے ہوں اور آپ کا کمپیوٹر انٹرنیٹ سے جڑنے میں مسلسل ناکام رہے تو اپنے انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال ضرور کریں۔ کنکشن کی شناخت کے لیے شکل نمبر 11.1 میں دی گئی شبیہ دیکھیں۔ اس تصویر میں نشان زدکی گئی شبیہ کی موجودگی انٹرنیٹ کنکشن کے جڑے ہونے کی علامت ہے۔ اگر یہ شبیہ اعلان علاقہ پر موجود نہ ہو تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کے کمپیوٹر کا انٹرنیٹ سے کنکشن منقطع ہے۔ اسی طرح شکل نمبر 11.1 (ب) میں دکھائی گئی شبیہ بھی کنکشن کے منقطع ہونے کی علامت ہے۔




شکل نمبر 11.1 (ا) انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال




شکل نمبر 11.1(ب) انٹرنیٹ کنکشن کی پڑتال

## 11.2 - نیٹ وَرک کیبل کی پڑتال

نیٹ وَرک کیبل (network cable) وَہ رابطہ ہے جس کے بغیر کمپیوٹر پر انٹرنیٹ چلانا ممکن نہیں۔ جس طرح ٹیلی وِیژن کیبل تار ذرا سی ہل جانے پر چینل کی نشریات بند ہو جاتی ہیں۔ بالکل اسی طرح نیٹ وَرک کیبل ٹھیک طرح سے نہ لگی ہو تو کمپیوٹر کا انٹرنیٹ سے رابطہ منقطع ہو جاتا ہے۔ اس لیے جب بھی آپ کو انٹرنیٹ استعمال کرنا ہو اور آپ کو انٹرنیٹ سے جڑنے میں مسلسل ناکامی ہو تو نیٹ وَرک کیبل کی پڑتال ضرور کر لیں۔

## 11.3 - یو آر ایل کے مسائل

SeaMonkey Navigator کی اس تربیت میں ہم یو آر ایل سے تو آگاہ ہو چکے ہیں تاہم اس کے مسائل سے وَاقفیت بھی ضروری ہے۔ یو آر ایل کسی وَیب سائٹ کے پتے کو کہتے ہیں۔ جسے "پتہ بار" میں ٹائپ کر کے ہم وَیب سائٹ نظارہ کرتے ہیں۔ یو آر ایل ٹائپ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

- یو آر ایل مکمل ٹائپ کریں۔ مثال کے طور پر www.google.com ایک مکمل یو آر ایل ہے اس کے بجائے اگر ww.google.com یا wwww.google.com ٹائپ کیا جائے تو Google وَیب سائٹ براوزر نہیں ہو سکے گی۔ اس لیے یو آر ایل ٹائپ کرتے ہوئے ہجوں کا خاص خیال رکھیں۔


- یوآرایل ٹائپ کرتے ہوئے یہ بھی خیال رکھیں کہ اس کے کریکٹروں یا ہجوں میں کوئی وقفہ نہ ہو یعنی وقفہ بار یا ٹیب کا استعمال نہ کیا گیا ہو۔

## 11.3.1- پاپ اپ بلاک کنندہ کو حسب خواہش روکنا یا زیر عمل کرنا

پوپ اپ ایسے دریچے کو کہتے ہیں جو آپ کی اجازت کے بنا خود بخود آپ کے کمپیوٹر کی سکرین پر ظاہر ہو جاتا ہے۔ SeaMonkey Navigator ان پوپ اپ دریچوں کو روکنے یا زیر عمل کا اختیار بھی ہوتا ہے۔ ان دریچوں کو بلاک کرنے کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:


- سب سے پہلے اپنا SeaMonkey Navigator آغاز کریں۔
- اب Navigator کے بالا پر مینیو بار پر موجود "تدوین" پر کلک کریں تو آپ کے سامنے ایک مینیو کھل جائے گا۔ مثال کے طور پر شکل نمبر 2-11 دیکھیں۔

شکل نمبر11.2: پوپ اپ دریچے بلاک کرنا





شکل نمبر11.2: پوپ اپ دریچے بلاک کرنا

- اس مینیو میں "ترجیحات" پر کلک کرنے سے آپ کے سامنے ایک "ترجیحات مکالمہ خانہ" ظاہر ہوگا۔ جیساکہ شکل نمبر 11۔3 میں دکھایا گیا ہے۔




شکل نمبر 11.3 ترجیحات مکالمہ خانہ

- اس "ترجیحات مکالمہ خانے" میں "نجی نوعیت اوَر سلامتی" کے ساتھ + کے نشان پر کلک کریں اسی عنوان کے زیرِ تحت ایک ذیلی فہرست کھل جائے گی۔ جیساکہ شکل نمبر 11.4 میں دکھایا گیا ہے۔
- اس فہرست میں 'وَابستہ دریچے' پر کلک کریں تو شکل نمبر 4-11 میں دکھایا گیا ایک مکالمہ خانے میں 'وَابستہ دریچے' کے نام سے کھل جائے گا۔
- اس میں دیے گئے اختیار "غیر فرمائشی پوپ اپ دریچے بلاک کریں" کے ساتھ پڑتال خانہ بانشان کریں اوَر اسی مکالمہ خانے کے پایان پر موجود "ٹھیک ہے" پر کلک کریں۔
- پوپ اپ دریچے بلاک ہوجائیں گے۔




شکل نمبر 11.4 پوپ اپ دریچے بلاک کرنے کا حتمی مرحلہ

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا گیارہواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو چار کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیر الانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- یوآرایل کے ہجوں کے درمیان

(ا)-ٹیب یا وقفہ نہیں ہوتا

(ب)- دوبار وقفہ دیا جاتا ہے

(ج)- کوئی بھی ہندسہ لازمی ٹائپ کیا جاتا ہے

(د)- اردو حروف لازمی ٹائپ کیے جاتے ہیں

(2)- SeaMonkey Navigator میں پوپ اپ دریچے

(ا)- حذف کیے جاسکتے ہیں

(ب)- حسب خواہش روکے اور زیر عمل کیے جاسکتے ہیں

(ج)- محفوظ کیے جاسکتے ہیں

(د)- چھاپے جاسکتے ہیں

(3)- انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لیے کمپیوٹر کے ساتھ ساتھ

(ا)- پرنٹر کا ہونا لازمی ہے

(ب)- انٹرنیٹ کنکشن کا ہونا لازمی ہے

(ج)- ٹیلی ویژن لازماً درکار ہوتا ہے

(د)- اردوٗ سافٹ ویئر لازمی ہوتا ہے

(4)- اگر کمپیوٹر میں نیٹ وَرک کیبل ٹھیک طرح نہ لگی ہو تو

(ا)- کمپیوٹر بند ہوجاتا ہے

(ب)- کمپیوٹر کا انٹرنیٹ سے رابطہ منقطع ہوجاتا ہے

(ج)- کمپیوٹر خراب ہوجاتا ہے

(د)- کمپیوٹر میں وَائرس آجاتا ہے

## عملی کام

1- مندرجہ ذیل یوآرایل غور سے پڑھیں اوَر ان میں سے صحیح یوآرایل شناخت کرکے پتہ بار میں ٹائپ کرکے ویب سائٹ نظارہ کریں:

www.crulp.com

wwww.crulp.com

www.urducl.com

www-urducl-com

www.geo.tv

## جوابات

1- ا، 2- ب، 3- ب، 4- ب

# 12- خطرات

انٹرنیٹ کا استعمال آسان تو ہے لیکن اس کے استعمال کے لیے کچھ احتیاطیں مدنظر رکھنی لازمی ہیں۔ بعض اوقات ہماری ذرا سی بے احتیاطی کسی بڑے خطرے کا باعث بن سکتی ہے۔ اس لیے اس تربیت میں ہم کچھ ممکنہ خطرات اور ان سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر سے متعلق بھی پڑھیں گے۔

## 12.1- خطرناک ویب سائٹوں (وائرس زدہ) کی شناخت

کمپیوٹر کی اصطلاح میں وائرس بنیادی طور پر ایک پروگرام کو کہا جاتا ہے۔ جو بہت تیزی سے پھیلتا ہے۔ اور کسی بھی کمپیوٹر کو کم یا زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔ وائرس کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔ ان میں کچھ وائرس ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر پر مسلیں نقل کرنے سے یا کوئی مسل بھیجنے سے منتقل ہوجاتے ہیں۔ کچھ وائرس انتہائی حدتک خطرناک ہوتے ہیں۔ جو کمپیوٹر کا سارا نظام اور آپ کی محفوظ کردہ مسلیں تباہ کردیتے ہیں۔ وائرس بذریعہ ای میل بھی منتقل کیے جاتے ہیں۔ وائرس زدہ ای میل کھولتے ہی آپ کے کمپیوٹر میں وائرس آجاتا ہے جو کسی بھی قسم کا نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اکثر اوقات کمپیوٹر پر اینٹی وائرس سافٹ ویئر تنصیب کیا جاتا ہے لیکن یہ سافٹ ویئر بھی ایک خاص حدتک وائرس سے بچاتا ہے۔

## 12.2-کسی بھی ویب سائٹ کی رکنیت لینے میں احتیاط

بعض اوقات اگر آپ کوئی ویب سائٹ نظارہ کرنا چاہتے ہیں تو اس ویب سائٹ کے ابتدائی صفحے پر رکنیت یا رجسٹریشن لینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔ جہاں آپ اپنا ای میل اپنا اور پاس ورڈ ٹائپ کر کے سائن اپ کریں تو آپ اس ویب سائٹ کے رکن بن جاتے ہیں۔ رکن بننے کے بعد آپ کو مذکورہ ویب سائٹ کی طرف سے تازہ ترین مواد یا مصنوعات کی تفصیل بھیجی جاتی ہے جبکہ رجسٹریشن لینے سے آپ مذکورہ ویب سائٹ کی تمام سہولیات سے مستفید ہوسکتے ہیں۔ دراصل کسی بھی ویب سائٹ پر سائن اپ کر کے رکنیت یا رجسٹریشن لینا بعض اوقات خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ جب آپ اپنا ای میل اپنا یا ذاتی نوعیت کی معلومات ٹائپ کرتے ہیں تو یہ تمام معلومات اور پتہ جات اس ویب سائٹ پر محفوظ ہو جاتے ہیں۔ کچھ ویب سائٹیں اپنے ارکان کے ای میل پتے اجازت لیے بغیر مختلف کمپنیوں یا لوگوں کو

دے دیتی ہیں۔ مذکورہ کمپنیاں آپ کو ہر قسم کی ای میل بھیج سکتی ہیں۔ یہ ای میل خطرناک بھی ہو سکتی ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ ای میل وائرس زدہ ہو۔ جس سے آپ کے کمپیوٹر کو نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ اس لیے کسی بھی ویب سائٹ کی رکنیت لینے میں احتیاط کریں۔

## 12.3- اخلاق باختہ ویب سائٹوں کے نقصانات

اگر آپ کوئی کتاب خریدنا چاہتے ہیں تو اپنی مطلوبہ کتاب تلاش کرتے ہوئے آپ کو بہت سی دیگر کتب بھی نظر آتی ہیں۔ ان کتب میں کچھ مفید جبکہ کچھ اخلاقی طور پر بری ہوتی ہیں۔ بالکل اسی طرح انٹرنیٹ پر نیوی گیٹ کرتے ہوئے بہت سی ویب سائٹیں ظاہر ہوتی ہیں۔ ان میں کچھ ویب سائٹیں اخلاق باختہ مواد پر مبنی ہوتی ہیں۔ ایسی ویب سائٹوں پر خطرناک وائرس موجود ہو سکتا ہے۔ جو آپ کے کمپیوٹر کو نقصان پہنچاتا ہے۔ لہذا ایسی ویب سائٹیں نظارہ کرنے سے قطعی گریز کریں تاکہ آپ کا اخلاق اور کمپیوٹر دونوں محفوظ رہ سکیں۔

## 12.4- کوائف و معلومات غیر قانونی طور پر ڈاؤن لوڈ کرنے سے اجتناب

ویب سائٹ پر معلومات تلاش کرتے ہوئے مطلوبہ معلومات ملنے پر ڈاؤن لوڈ کرنے سے پہلے اس کے لائسنس شدہ ہونے یا حقوق تصنیف محفوظ ہونے کے بارے میں پڑتال کر لیں۔ مثال کے طور پر اگر مطلوبہ کوائف کے حقوق تصنیف محفوظ کردہ از مصنف ہوں تو یہ کوائف بنا اجازت لیے ڈاؤن لوڈ کرنا یا استعمال کرنا قانوناً جائز نہیں۔ ' ©' مواد کے حقوق تصنیف محفوظ ہونے کی علامت ہے۔ بعض اوقات کچھ بے ضمیر لوگ غیر قانونی طور پر مسلیں ڈاؤن لوڈ بھی کرتے ہیں لیکن غیر قانونی طور پر ڈاؤن لوڈ کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی بھی ہو سکتی ہے اور اس جرم کے ارتکاب میں جرمانہ بھی ہو سکتا ہے۔ لہذا کوئی بھی کوائف ڈاؤن لوڈ کرنے سے پہلے اس کے لائسنس اور حقوق تصنیف سے متعلق ضرور جان لیں۔

## 12.5- کسی بھی قسم کی مسل ڈاؤن لوڈ کرنے میں احتیاط

انٹرنیٹ پر ہر قسم کی معلومات کسی بھی شکل میں دستیاب ہوتی ہیں۔ یہ معلومات متن کی صورت میں بھی ہو سکتی ہیں

اوَر آوَاز یا نقوش کی صورت میں بھی ۔ ان میں کچھ مسلیں خطرناک یا بہت بڑی بھی ہو سکتی ہیں ۔ وَائرس زدہ مسلیں ڈاوَن لوڈ کرنے سے اجتناب کریں ۔ جبکہ بہت بڑی مسلیں ڈاوَن لوڈ کرنے سے پہلے اپنے کمپیوٹر کی خالی جگہ پڑتال کرلیں ۔ اگر آپ کے کمپیوٹر میں جگہ کم ہے اوَر آپ کوئی بڑی مسل ڈاوَن لوڈ کرتے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ مسل ڈاوَن لوڈ ہو جائے لیکن اس سے آپ کے کمپیوٹر کی رفتار آہستہ ہو جانے کے امکانات ہیں کیونکہ بہت سی عارضی مسلیں ڈسک پر کچھ پروَگراموں کی رفتار بڑھانے کے لیے ڈسک پر محفوظ کی جاتی ہیں۔اگر ڈسک پر جگہ کم ہو تو یہ عارضی مسلیں ڈسک پر محفوظ نہیں ہو سکیں گی یا کم تعداد میں محفوظ ہوں گی ۔ لہذا کسی بھی قسم کی مسل ڈاوَن لوڈ کرنے میں احتیاط سے کام لیں ۔

# مشق

آپ SeaMonkey براؤزر کے تربیتی کتابچے کا بارہواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اور یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اور خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو چار کثیر الانتخابی سوالات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے درست جواب کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں۔ کثیر الانتخابی سوالات کے درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

(1)- کمپیوٹر کی اصطلاح میں وائرس کیا ہے؟

(ا)- ایک فائدہ مند سافٹ ویئر

(ب)- ایک نقصان دہ پروگرام

(ج)- کسی مستند ویب سائٹ پر دستیاب مفید مواد

(د)- ملیریا بخار پھیلانے والے جراثیم

(2)- وائرس ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر پر کیسے منتقل ہوتے ہیں؟

(ا)- بذریعہ ای میل

(ب)- لاگ ان کرنے سے

(ج)- بذریعہ بجلی

(د)- بذریعہ ہوا

(3)- اینٹی وائرس سافٹ ویئر

(ا)- کمپیوٹر کو سو فیصد حد تک وائرس سے بچاتا ہے

(ب)- کمپیوٹر کو ایک خاص حد تک وائرس سے بچاتا ہے

(ج)- کسی بھی انسانی بیماری کا علاج کرنے میں مدد کرتا ہے

(د)- کمپیوٹر کو کسی بھی قسم کے وائرس سے نہیں بچا سکتا

(4)- کچھ ویب سائٹیں اپنے ارکان کے ای میل پتے

(ا)- اجازت لیے بغیر کسی بھی کمپنی یا فرد کو دے دیتی ہیں

(ب)- بدل دیتی ہیں

(ج)- کا پاس ورڈ بدل دیتی ہیں

(د)- وائرس سے محفوظ رکھتی ہیں

عملی کام

1- نیچے دی گئی ویب سائٹ کھولیں، اس پر پڑھنے کے لیے مسل دستیاب ہے، تصدیق کریں کہ اس ویب سائٹ کے حقوق تصنیف محفوظ ہیں یا نہیں؟

http://www.iqbalcyberlibrary.net/Urdu-Books/969-416-202-001/#Full_Book_Index_

جوابات

1-ب 2-ا 3-ب 4-ا

# 13- اخلاقیات

درج ذیل نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں اخلاقیات کے اعلی اصولوں کی پیروٗی کرنی چاہیے۔ کسی بھی فن یا ہنر کا غیراخلاقی استعمال کرنے سے اجتناب ہی اعلی اخلاق کی بہترین مثال ہے۔

## 13.1 کوائف کے لائسنس اوٗر حقوق تصنیف کی اہمیت

اگر ایک شخص ذہنی اوٗر جسمانی مشقت کر کے کوئی تصنیف کرے توچونکہ اس کے حقوق تصنیف مصنف کے نام محفوظ ہوتے ہیں اس لیے اس تصنیف سے ہونے وٗالے تمام مالی فوائد کا حق دار بھی مصنف ہے۔ کسی دوٗسرے شخص کو ہرگز یہ حق حاصل نہیں کہ وٗہ اس تصنیف کو اپنے نام سے استعمال کرے یا اس سے کسی قسم کا مالی فائدہ اٹھائے۔ ایسا کرنا، نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ غیر اخلاقی بھی ہے۔ یادرکھیں کہ ہر حق تنصیف کا بیان مخصوص نہیں ہوتا۔ بعض اوقات کسی ویب سائٹ پر اس کی باقاعدہ نشاندہی نہیں کی جاتی جبکہ زیادہ تر ویب صفحے کے پایان پر آخری سطر میں اس کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر شکل نمبر13.1 دیکھیں جس میں حقوق تصنیف محفوظ ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ تاہم کچھ ویب سائٹیں ایسی بھی ہوتی ہیں جن کے حقوق تصنیف نہیں ہوتے۔




شکل نمبر 13.1 حق تصنیف یا لائسنس کی نشان دہی

## 13.2 لائسنس شدہ کوائف / معلومات قانونی طور پر استعمال کرنا

جس طرح آپ کو یہ اچھا نہیں لگتا کہ کوئی شخص آپ کی کسی چیز کو آپ کی اجازت لیے بغیر استعمال کرے اسی طرح آپ کو بھی اخلاقی طور پر کسی کی ذاتی شے استعمال کرنے سے قبل اس کی اجازت لینی چاہیے۔ ویب سائٹ پر دستیاب کوائف، معلومات اور سافٹ ویئر بھی اس مصنف کی ذاتی ملکیت ہوتے ہیں جس نے یہ کوائف تحریر کیے یا بنائے ہوں۔ دراصل ان تمام معلومات، کوائف یا سافٹ ویئروں پر ملکیت ظاہر کرنے کے لیے لائسنس لگایا جاتا ہے۔ ان کوائف کے حقوق تصنیف چونکہ مصنف کے نام محفوظ ہوتے ہیں اس لیے اخلاقیات کا تقاضا یہ ہے کہ یہ کوائف یا معلومات استعمال کرنے سے قبل مصنف سے رابطہ کریں اور اس سے باضابطہ طور پر ان کوائف کو استعمال کرنے کی اجازت لیں۔ بنا اجازت لیے ان کوائف کو استعمال کرنا قطعی غیر اخلاقی ہے۔ ایسا کرنے سے آپ کے خلاف قانونی کارروائی بھی ہو سکتی ہے۔

# مشق

آپ SeaMonkey براوزر کے تربیتی کتابچے کا تیرہواں سیکشن پڑھ چکے ہیں اوٗر یقیناً جاننا چاہیں گے کہ اس سیکشن میں آپ نے کتنا کچھ سیکھا۔ اس حوالے سے ذیل میں کچھ مشقی سوالات دیئے جا رہے ہیں، انہیں غور سے پڑھیں اوٗر خود سے جواب دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ 80 فیصد سوالات کے صحیح جواب دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اس سیکشن کو اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اگر نتائج 50 فیصد سے کم ہوں تو آپ کو یہ سیکشن دوٗبارہ سے پڑھنا چاہیے۔

مشقی سوالات کے اس حصے میں آپ کو پانچ فقرات دیئے گئے ہیں۔ درست فقرات کے سامنے ✓ اوٗر غلط فقرات کے سامنے X کا نشان لگائیں۔ درست جوابات آخر میں دیکھیں۔

مندرجہ ذیل درست اوٗر غلط فقرات کی نشاندہی کریں

1- کسی بھی ویب سائٹ پر موجود کوائف اس مصنف کی اجازت لیے بغیر استعمال کی جا سکتی ہیں۔

2- کسی بھی تصنیف سے حاصل ہونے وٗالے تمام مالی فوائد کا حق دار اس تصنیف کا مصنف ہوتا ہے۔

3- کوئی بھی معلومات یا کوائف استعمال کرنے سے قبل اس کے مصنف سے باضابطہ طور پر اجازت لے لیں۔

4- لائسنس شدہ کوائف کو اپنے نام سے بلا اجازت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

5- انٹرنیٹ پر موجود کسی بھی ویب سائٹ کے جملہ حقوق 'محفوظ کردہ از مصنف' نہیں ہوتے۔

جوابات

1- غلط، 2- درست، 3- درست، 4- غلط، 5- غلط

# 14- حوالہ جات

- کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور چیٹنگ، گوہر6بلی کیشنز

- www.bellanet.org/itrain/materials.cfm
- http://www.snowhawk.com/newbie.html
- http://wp.netscape.com/browsers/using/newusers/index.html

# Creative Commons License

This work is being released with the following Creative Commons License. By downloading the product, you accept the terms of this Agreement.

| | |
|---|---|
| **Attribution:** and | Center for Research in Urdu Language Processing (www.crulp.org), National University of Computer Emerging Sciences (www.nu.edu.pk), Pakistan. |
| **Use:** | You may not use this work for commercial purposes. |
| **Sharing:** may | If you alter, transform, or build upon this work, you distribute the resulting work only under the same or similar license to this one. The best way to do this is with a link to http://creativecommons.org/licenses/by-nc-sa/3.0/. |
| **Distribution:** | For any reuse or distribution, you must make clear to others the license terms of this work. |

**For alternate licensing mechanisms, please contact CRULP, NUCES.**